# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 24 فروری 2014ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1435 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُولٌ قَدۡ خَلَتۡ مِن قَبۡلِہِ الرُّسُلُ اَفَاِین مَّاتَ اَوۡ قُتِلَ انقَلَبۡتُمۡ عَلٰۤی اَعۡقٰبِکُمۡ وَمَن یَنقَلِبۡ عَلٰی عَقِبَیۡہِ فَلَن یَضُرَّ اللّٰہَ شَیۡئًا وَسَیَجۡزِی اللّٰہُ الشّٰکِرِینَ۔

(ترجمہ): اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو صرف (خدا کے) پیغمبر ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر ہو گزرے ہیں بھلا اگر یہ مر جائیں یا مارے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ؟ (یعنی مرتد ہو جاؤ؟) اور جو الٹے پاؤں پھر جائے گا تو خدا کا کچھ نقصان نہ کر سکے گا اور خدا شکر گزاروں کو (بڑا) ثواب دے گا۔ و آخِرُ الدَعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس طرح ہے سکندر خان صاحب! آپ کی ریکویسٹ بھی ملی ہے، میری Suggestion یہ ہے کہ پہلے یہ کوئسچنز لیتے ہیں، اس کے بعد فوری آپ کو موقع دینگے اور پھر اس کی وہ کرتے ہیں۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ کچھ چھٹی کیلئے درخواستیں آئی ہوئی ہیں: جناب شکیل احمد صاحب، سپیشل اسسٹنٹ؛ جناب ملک بہرام خان صاحب؛ جناب یاسین خان خلیل؛ یہ جناب شکیل صاحب کی ہے 24-02-2014؛ جناب ملک بہرام خان 24-02-2014؛ جناب یاسین خان خلیل صاحب 24-02-2014تا 27-02-2014؛ محترمہ نادیہ شیر صاحبہ 24-02-2014؛ جناب ملک ریاض خان صاحب 24-02-2014؛ جناب زاہد خان درانی صاحب 24-02-2014؛ جناب سراج الحق صاحب 24-02-2014؛ جناب سعید گل صاحب 24-02-2014۔ منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: اچھا یہ کوئسچنز میں کوئسچن 229، زرین گل صاحب۔ جناب زرین گل صاحب، کوئسچن نمبر 229۔

* 229 _ جناب زرین گل: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2011 میں تورغر کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ بلدیات میں نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ بلدیات میں نئی آسامیوں پر تقرریوں اور خالی آسامیوں کی تفصیل گریڈ وائز فراہم کی جائے؛

(ii) گریڈ ایک سے 16 تک بھرتی شدہ ملازمین کے نام، ولدیت، سکونت، اشتہارات کی نقول، تاریخ پیدائش اور موجودہ پوسٹ پر تبادلہ کے ساتھ مکمل کوائف فراہم کئے جائیں، نیز مذکورہ ملازمین اب کہاں کہاں فرائض انجام دے رہے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں، ٹی ایم اے جدباء اور کنڈر کیلئے آسامیوں کی منظوری ہوئی ہے۔

(ب) (i) موجودہ میونسپل کمیٹی جدباء اور ڈسٹرکٹ کونسل تورغر میں منظور شدہ آسامیوں پر کسی قسم کی تقرری نہیں ہوئی، خالی آسامیوں کی تفصیل ذیل ہے:

"A" میونسپل کمیٹی جدباء ضلع کونسل تورغر۔

| نمبر شمار | نام آسامی | گریڈ | تعداد ایم سی جدباء | ضلع کونسل تورغر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سینیٹری انسپکٹر Non PUGF | 07 | 01 | 01 |
| 2 | ہائی جین پروموٹر Non PUGF | 07 | 01 | 01 |
| 3 | پلمبر Non PUGF | 07 | 01 | 01 |
| 4 | جونیئر کلرک (ورک) Non PUGF | 07 | 01 | 01 |
| 5 | ڈرائیور | 04 | 01 | 01 |
| 6 | نائب قاصد | 01 | 02 | 01 |
| 7 | چوکیدار | 01 | 01 | 01 |
| 8 | سینٹری ورکر | 01 | 05 | 05 |
| | | کل تعداد | 13 | 13 |

مذکورہ بالا آسامیوں کے علاوہ صوبائی حکومت نے والومین سکیل ون بذریعہ آرڈر نمبر AO-IV/LCB/1-3/2012 مورخہ 13-06-2012 کو محمد کشور کو بمعہ پوسٹ ٹاؤن تھری پشاور سے ایم سی جدباء تعینات کیا ہے۔

"B" دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر بلدیات ضلع تورغر۔

دفتر ADRD ضلع تورغر میں منظور شدہ آسامیوں اور ان کی تفصیل ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام آسامی | گریڈ | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1 | پراگریس آفیسر | 16 | خالی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | اسسٹنٹ | 14 | عامر ولد محمد الیاس سکنہ المائی بانڈہ تحصیل مارتونگ، ضلع شانگلہ، تاریخ پیدائش 01-01-1980، بھرتی تاریخ 26-10-2012 ازاں دفتر ڈی جی پشاور |
| 3 | کے پی او | 12 | عرفان اللہ ولد خالق الرحمان سکنہ شانگلہ، تاریخ پیدائش 14-04-1989، بھرتی بذریعہ دفتر ڈی جی مورخہ 26-10-2012۔ |
| 4 | سپروائزر | 09 | خالی |
| 5 | ڈرائیور | 04 | خالی |
| 6 | نائب قاصد | 01 | خالی |
| 7 | چوکیدار | 01 | خالی |

(ii) میونسپل کمیٹی جدباء ڈسٹرکٹ کونسل تورغر میں ایک تا 16 تک کسی بھی ملازم کو بھرتی نہیں کیا گیا جبکہ کشور والومین کا تبادلہ مورخہ 13-06-2012 کو ٹاؤن تھری پشاور سے ٹی ایم اے جدباء کیا گیا اور اب وہ ایم سی جدباء میں فرائض سرانجام دے رہا ہے۔

جناب زرین گل: ډیره مننه محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 229 (الف) (ب)۔ جناب سپیکر صاحب، دې سلسله کښې ما تپوس چې کوم کړے وو، میونسپل کمیټی جدباء کښې دوئ وائی چې دیارلس پوسټونه، دا دیارلس واړه چې دی خالی دی، په دې بهرتی نه ده شوې۔ زه ستاسو په وساطت د منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې د دې بهرتو څه طریقه کار د دې د پاره وضع کړے دے چې کوم دا ګریډ سات دی، چار دی، ایک دے، د دې Criteria او د دې طریقه کار د بهرتئ څه دے او کله به ئے کوی؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، یہ جو گریڈ سات اور پانچ کی ہیں، یہ تو اس ڈسٹرکٹ کونسل اور میونسپل کمیٹی کے جو سی ایم اوز اور سی سی اوز ہیں، یہ ان کے پاس ہیں اور وہ اپنے لیول پہ اس کو ایڈورٹائز کریں گے اور اس کے جونیئر کلرک کی کوالیفیکیشن ہے، FA or BA، اس طرح ہے کہ اس پہ وہ ان کو ریکروٹ کریں گے اور جو نائب قاصد اور ڈرائیورز ہیں، یہ ویسے اس کے دو طریقے ہیں، ایک اس کو ایڈورٹائز کیا جاتا ہے اور اسی کے ذریعے سے مطلب ان کی ریکروٹمنٹ ہوتی ہے اور دوسرا

اگر یہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں تو پھر بغیر اشتہار کے بھی ہو سکتے ہیں، یہ دو اس کے طریقے ہیں تو میرا خیال ہے ہمیں حکومت، مطلب حکومت کو اور لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو اس کے اوپر کوئی اعتراض نہیں ہے کیونکہ Newly created ضلع ہے اور اس کے اندر یہ سیٹیں Fill ہونی چاہئیں اور ان شاءاللہ اگر ممبر صاحب یہی کہتے ہیں تو ہم اس پہ عمل کروائیں گے، اس کو مطلب Fill کروائیں گے۔

جناب زرین گل: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جناب زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب، ډیره مننه د وزیر صاحب۔ دیکښې جی دلته ما ته چې کوم جواب راغلے دے، دا وائی چې ټول خالی دی لیکن زما د معلوماتو مطابق دا ډرائیور چې دے، دا حمید الرحمان ګاؤں دیدل ضلع شانګله، دا بھرتی شوے دے نو آیا دا دې august House ته دا غلط بیانی چې ده نو، او که دا داسې وی او یو ډرائیور د بلې ضلعې نه راځی او (تالیاں) نو زه ستاسو نه په دې بیا رولنګ غواړم چې دا د دې Violation نه دے چې دلته لیکی چې خالی دی او زما د معلوماتو مطابق چې دے دا ډرائیور بھرتی شوے دے د ضلع شانګلې نه، آیا دا تورغر یو کونډه ښځه ده چې د شانګلې نه به راځی (تالیاں) او دغه به کوی، هلته ډرائیور نشته؟ تورغر چې دے جی، په دې ټوله صوبه کښې تورغر واحد ضلع ده چې ټول ډرائیوران دی، په کراچئ کښې په ټرانسپورټ د دوئ قبضه ده۔ رکشه دوئ چلوی، ټیکسی، منی بسز تمام، زه حیران دا یم چې د شانګلې نه ډرائیور به راځی او هغه به په تورغر کښې بھرتی کیږی نو آیا په دې تورغر کښې چې کوم دے شوک داسې نشته چې هغه نور خو به ځه Grade seven به نه ملاؤیږی، 14 به نه وی، 16 به نه وی، سات به نه وی، هں! نو دا چار هم نشته؟ دا ګریډ ایک هم نشته چې دا به د شانګلې نه راځی؟ نمبر ایک۔ دویم چې کوم دے په دفتر ADRD ضلع تورغر کی منظور شدہ آسامیاں سات تھیں، په دې سات کښې جی تاسو وګورئ " عامر ولد محمد الیاس ساکن المائی بانڈہ، تحصیل مارتونګ ضلع شانګله، بھرتی شوے چې کوم دے 26-10-2012 ډی جی دفتر کښې، د دې نه بھرتی شوے دے۔ دا بل چې دے KPO ګریډ 12 عرفان اللہ ولد خالق الرحمان سکنه ضلع

شانګله دا چې دے بهرتی شوے دے بذریعه دفتر ډی جی 2012-10-26۔ آیا جی په دې ټوله ضلع کښې چې کوم دے نو د دې یعنی قابلیت سړے نشته چې په شانګله کښې دا ټول قابل هلته ناست دی او هغه به راځی او په تورغر کښې به ډیوټی کوی؟ ډرائیور به هم د هغه ځائې وی، کلاس فور به هم د هغه ځائې وی، نائب قاصد به هم د هغه ځائې وی، ګریډ 12 به هم د هغه ځائې وی نو که دا سې وکړو مونږ به ترې کښې وتړو، دا شانګلې والا د راځی، هغه د کښینی او مونږ به ترې ځو نو۔

جناب سپیکر: جناب عنایت صاحب۔

وزیر بلدیات: ویسے سر، یہ جو دو پوسٹیں ہیں کے پی او اور اسسٹنٹ، یہ ویسے ڈسٹرکٹ کیڈر پوسٹیں نہیں ہیں، یہ ڈسٹرکٹ کیڈر پوسٹیں نہیں ہیں اور یہ صوبے کے لیول پر ہوتی ہیں اور یہ جو ڈرائیور کا ہے، ہم نے خالی Show کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ یہ Fill ہوئی ہے، ظاہر ہے میں ان کو چیلنج نہیں کرتا لیکن ان کو بھی میرے خیال میں ان کے الفاظ سے ایسا لگتا ہے کہ یہ کنفرم نہیں ہیں اسلئے We will share with each other the information، اگر ڈیپارٹمنٹ نے غلط انفارمیشن دی ہے تو جس نے غلط انفارمیشن دی ہے، ان کے خلاف انکوائری کریں گے اور یہ چاہتے ہیں کہ ان کو واپس کیا جائے تو اس کو واپس کریں گے، یہ تو میں ان کے ساتھ Commitment کرتا ہوں، ٹھیک ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں۔۔۔۔

وزیر بلدیات: اور باقی جو پوسٹیں Fill ہیں، یہ ڈسٹرکٹ کیڈر پوسٹیں نہیں ہیں، یہ پراونشل کیڈر پوسٹیں ہیں۔

جناب سپیکر: عنایت صاحب! ایک چیز میں، آپ چیک کر لیں اس کو اگر یہ انفارمیشن انہوں نے غلط یہاں دی ہے تو اس کے خلاف تادیبی کارروائی ہونی چاہیئے۔

وزیر بلدیات: ٹھیک ہے۔

(تالیاں)

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی شاہ حسین خان۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، د زرین ګل باچا مقصد دا دے کہ فرض کړہ دا کوم ډرائیور چې بھرتی شوے دے، کہ دا واقعی بھرتی شوے وی نو عنایت صاحب د دہ د آرډر کینسل کولو، د کینسلیشن وینا کوی کہ نہ کوی؟ چې دا کہ واقعی د زرین ګل باچا دا خبرې ټھیک وی چې دا د کلاس فور، د ډرائیور دا آرډر کینسل کیږی کہ نہ؟

جناب سپیکر: میرے خیال میں میں نے اس پر اپنی وہ دیدی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ انہوں نے غلط انفارمیشن اسمبلی کو دی ہے، جس نے بھی دی ہے، اس کے خلاف باقاعدہ تادیبی، Disciplinary action لینا چاہیئے اور اس کے بارے میں عنایت صاحب Explain کریں۔

وزیر بلدیات: دیکھیں سر، میں نے کہا ہے کہ میری جو انفارمیشن ہے، میرے سامنے جو انفارمیشن ہے، وہ تو یہی ہے، آپ نے اس انفارمیشن کو چیلنج کیا ہے۔ دیکھیں، میں نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ I will check، اگر یہ انفارمیشن ٹھیک ہے تو میرے لئے تو یہ ایوان سب سے زیادہ معزز ہے اور یہ محترم ممبر صاحب میرے لئے معزز ہیں، میری کیا اس میں انٹرسٹ ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کی کسی غلط بات کو میں سپورٹ کروں؟ ٹھیک ہے، میں بالکل ان سے وعدہ کرتا ہوں کہ اس قسم کی کوئی چیز ہوئی ہے تو میں ان کے ساتھ شیئر بھی کرونگا اور ایک دوسرے کے ساتھ اس پر بات بھی کرینگے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

جناب زرین گل: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: هں جی۔

جناب زرین گل: دا وزیر صاحب، زما سرہ د دوئ مشران هم پہ اسمبلئ کښې پاتې شوی دی او دا د یو ښہ کورنئ نہ تعلق ساتی او ډیر ښہ سړے دے خو ورسرہ اوس دا خبرہ کوم چې دا ګریډ 14 او دا 12 چې دی، چې دا صوبائی پوسټ دے نو دا صوبہ ټولہ پہ شانګلہ کښې وہ؟ د دې ځنګہ میکنزم وو؟ د دې څہ طریقہ کار وو چې دا ئے، آیا پہ دیکښې Participation د تورغر خلقو کړے وو چې د تورغر پوستونہ وو، دغہ کیدل؟

وزیر بلدیات: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، عنایت صاحب۔
وزیر بلدیات: پروسیجر یہ ہے کہ گریڈ 11 سے اوپر جو بھرتیاں ہوتی ہیں، پراونشل لیول پر ہوتی ہیں لوکل گورنمنٹ کے اندر، جو Current system ہے، ہمارا جو 2012 کے اندر لوکل گورنمنٹ ایکٹ پاس ہوا ہے، اس کے مطابق گریڈ 11 سے لیکر Onward جو پوسٹیں ہیں، وہ پراونشل کیڈر پوسٹیں ہیں، شاید ہمارا جو اگلا سسٹم آنے والا ہے، اس میں یہ دوبارہ مطلب ضلعی کیڈر بن جائے، اس وقت یہ سیچویشن ہے، اسلئے یہ By transfer گئے ہونگے، ضروری نہیں ہے کہ شانگلہ سے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے صوبے کے اندر بھرتی ہوتی ہے تو یہ کسی ایک ضلع کیلئے نہیں ہوتی، وہ پورے صوبے کیلئے ایک اشتہار Float ہوتا ہے اور اس میں پورے صوبے سے جو لوگ Eligible ہوتے ہیں، وہ Apply کرتے ہیں اور پھر یہ By transfer گئے ہونگے ادھر، This is my understanding، انہوں نے صرف شانگلہ کو اور چونکہ شانگلہ نزدیک ہے تو ظاہر ہے شانگلہ کے آدمی کو پشاور میں رکھنے کی بجائے یہ وہاں رکھا گیا ہے کہ ذرا زیادہ Facilitate ہو۔
جناب سپیکر: بلکہ میرا بھی کوسچن یہ ہو گا کہ آپ اور زرین گل صاحب آپس میں بیٹھ بھی جائیں اور ایسے کوئی ایشوز ہوں تو آپس میں Settle کر لیں، ٹھیک ہے جی؟ Next جو ہے نا، کوسچن 230، زرین گل صاحب۔
* 230 _ جناب زرین گل: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) محکمہ بلدیات تورغر کیلئے سال 12-2011 اور 13-2012 کیلئے ترقیاتی اور انتظامی فنڈ مختص کیا گیا تھا؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:
(i) تو سال 12-2011 اور 13-2012 کیلئے کتنا ترقیاتی فنڈ مختص کیا گیا، مختص شدہ فنڈ کن ترقیاتی پراجیکٹس پر خرچ کیا گیا، پراجیکٹ کا نام، لاگت کی تفصیل ایریا وائز فراہم کی جائے، نیز پراجیکٹ کی موجودہ پوزیشن کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ عرصہ میں انتظامی اخراجات کیلئے مختص شدہ فنڈ کن کن مدوں میں خرچ کیا گیا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز 2013-14 کے ترقیاتی پراجیکٹس کی ترجیحات کیا ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): جی ہاں۔

(ب) (i) مالی سال 2011-12 کیلئے پی ایف سی ایوارڈ کی مد میں ڈسٹرکٹ تورغر کیلئے مبلغ 20.00 ملین روپے مختص کئے گئے تھے۔ اس فنڈ سے 30 عدد منصوبہ جات منظور کئے گئے جن کی مکمل تفصیل ذیل ہے:

(ii) مذکورہ عرصہ میں انتظامی اخراجات کی تفصیل ذیل ہے:

| مالی سال | مد | مختص شدہ رقم | خرچہ |
|---|---|---|---|
| 2011-12 | تنخواہ ملازمین | 178.231m | 172.08m |
| | دیگر اخراجات | 80.295m | 42.139m |
| 2012-13 | تنخواہ ملازمین | 187.143m | مالی سال کے اختتام پر حساب ہوگا (30th June 2013) |
| | دیگر اخراجات | 84.832m | مالی سال کے اختتام پر حساب ہوگا (30th June 2013) |

ترجیحات برائے مالی سال 2013-14:- مالی سال 2013-14 کیلئے تمام ڈسٹرکٹ کونسلز کو فنڈز کی فراہمی بذریعہ لوکل کونسل فنانس کمیشن کی جائے گی جس کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا۔ جب بھی فنڈ مہیا کیا گیا تو تعمیراتی کاموں کی ترجیحات کا تعین بمطابق ہدایت صوبائی حکومت کیا جائے گا۔

جناب زرین گل: ډیرہ مننه محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 230، (الف) (ب)۔ محترم سپیکر صاحب، دا Not pressed، نه Press کوم۔

Mr. Speaker: Next, Zareen Gul Sahib.

* 768 _ جناب زرین گل: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) 1985 میں نیو درابن ٹاؤن شپ کے ساتھ تربیلا ڈیم کالا ڈھاکہ ضلع تورغر کیلئے رہائشی و کمرشل پلاٹوں کی منظوری دیگر پلاٹس تیار کئے گئے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ متاثرین تربیلا ڈیم ضلع تورغر کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے باقی ماندہ متاثرین کیلئے حکومت صوبہ خیبر پختونخوا نے تحصیل اوگی کے گاؤں بجنہ میں زمین Acquire کی تھی؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) متاثرین تربیلا ڈیم تورغر کیلئے ٹاؤن شپ کی تیاری اور پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی منظوری کب تک ممکن ہے؛

(ii) متاثرین تربیلا ڈیم ضلع تورغر کو رہائشی کمرشل پلاٹس کیوں الاٹ نہیں کئے گئے، وجہ بتائی جائے؟

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات):</u> (الف) اس کا تعلق Tarbela Dam Resettlement Organization (TDRO) WAPDA سے ہے۔

(ب) جی ہاں درست ہے۔ تربیلا ڈیم کے متاثرین کی بحالی اور ان کو معاوضوں کی ادائیگی کیلئے حکومت پاکستان نے Tarbela Dam Resettlement (TDRO) کے نام سے ایک اتھارٹی قائم کی تھی جس کا دفتر غازی میں تھا۔ تربیلا ڈیم میں کالا ڈھاکہ کی 3035 ایکڑ زمین، 26 مساجد، 15 حجرے، 1282 مکانات اور 52 دکانیں زیر آب آئیں۔ تربیلا ڈیم کے متاثرین کو واپڈا کی جانب سے مختلف علاقوں یعنی کھلابٹ ٹاؤن شپ، کانگڑہ کالونی تحصیل و ضلع ہری پور، ضلع صوابی کے علاقہ پیہور اور تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ میں واقع نیو درابن ٹاؤن شپ میں بھی پلاٹ دیئے گئے تھے، اسلئے جملہ پلاٹوں کی صحیح تعداد اور دیگر معلومات کی بابت متعلقہ اتھارٹی (TDRO) ہی تفصیلات مہیا کر سکتی ہے اور یہ مناسب ہو گا کہ جملہ مطلوبہ معلومات کیلئے محکمہ مذکورہ سے رابطہ کیا جائے تاہم متاثرین کالا ڈھاکہ کی طرف سے مزید پلاٹ ہائے دینے کے مطالبات کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ کے ذریعے تحقیقات کرائی گئیں۔ بعد تحقیقات اسسٹنٹ کمشنر تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ نے بروئے مراسلہ 1297/A-5 محررہ 12-06-2001 مزید 666 پلاٹس دینے کی سفارش کی تھی۔ چونکہ نیو درابن ٹاؤن شپ تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ میں 441 پلاٹس موجود تھے جن کی الاٹمنٹ اس وقت تک نہ ہوئی تھی۔ مزید 225 پلاٹوں کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حکومت پاکستان نے بذریعہ محکمہ واپڈا رقبہ تعدادی 112 کنال 6 مرلہ واقع موضع بجنہ تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ میں جملہ کارروائی تحت ایکٹ حصول اراضی 1894 مکمل ہو کر ایوارڈ نمبر 216 مورخہ 01-11-2003 کو ہوا۔ جملہ معاوضہ اراضی مبلغ 22,70,225/14 روپے اصل مالکان اراضی (نوابزادہ صلاح الدین سعید وغیرہ) کو ادا ہو چکا ہے، نیز Acquire شدہ اراضی کو مورخہ 08-01-2004 کو موقع پر حسب ضابطہ بھی محکمہ حصول کنندہ کے حوالے کیا گیا تھا۔ واپڈا کے اہلکاروں نے موقع پر تقریباً 20 دن کام کر کے تقریباً 43 پلاٹ بنائے اور اسی دوران مزارعین نے واپڈا کے اہلکاروں کو کام سے روک کر اراضی حصول شدہ پر قابض ہو گئے۔ محکمہ واپڈا نے Acquire شدہ اراضی کے دوبارہ قبضہ حاصل کرنے کی بابت

تاحال کوئی قابل عمل پیشرفت نہیں کی ہے۔اس بارے میں استدعا ہے کہ محکمہ واپڈا جو کہ حصول شدہ اراضی کا مالک ہے، سے اس بابت تفصیلات کا حاصل کیا جانا مناسب ہے تاہم اگر محکمہ واپڈا اس معاملے میں سنجیدگی اختیار کرے تو ضلعی انتظامیہ ہر قانونی اقدام کرنے کیلئے محکمہ واپڈا کے ساتھ تعاون کرے گی تاکہ اس معاملہ کو جلد از جلد نمٹایا جاسکے۔

(ب) جز(i) و(ii) کا تعلق محکمہ واپڈا سے ہے۔

جناب زرین گل: ډیره شکریه محترم سپیکر صاحب، سوال نمبر 768، (الف) (ب) (ج)۔ محترم سپیکر صاحب، دا ډیر اهم کوئسچن دے۔ محترم سپیکر صاحب، سن 1974 کښې تربیلا ډیم چې جوړیدو، د تورغر د خلقو ډیرې غټې قربانئ وې۔ زمونږه د آبا و اجداد قبرونه، زمونږه کوټې، زمونږ جماتونه، زمونږه حجرے، زمونږه ماضی، هغه ټول په تربیلا ډیم کښې د خاورو د لاندې او د دې دغه د لاندې ډوب شو۔ جناب سپیکر صاحب، د سن 74ء نه واخلئ اوس دا 2014 دے، دومره وخت وشو او تربیلا ډیم چې دے تمام پاکستان ته توانائی فراهم کوی، دې صوبې ته رائیلټی ملاویږی، نیټ پرافټ ملاویږی، په هغې باندې ترقیاتی کارونه شروع دی۔ نن زما متاثرین تربیلا ډیم چې دی، هغه د سیند په غاړه په سپرونو کښې ناست دی او په دې انتظار دی چې مونږ له به رهائشی کالونئ راکوی، مونږ له به پلاټونه راکوی۔ جناب سپیکر صاحب، ما له دا جواب دې محکمې، زه اوس نه یم خبر چې دا د دې بلدیاتو سره تعلق ساتی، که دا د ریونیو سره تعلق ساتی، که دا د هاؤسنگ اینډ فزیکل پلاننگ سره تعلق ساتی؟ دا مخکښې د واپډې سره، Tarbela Dam Resettlement Organization سره وو، TDRO په غازی کښې چې کوم دے هغه آفس Close شو۔ اوس مونږ له چې کومه زمکه اخستې شوې وه نو څه خو زمونږ کسان چې کوم دے، هغه دوئ ټهیک وائی چې په کهلابټ کښې، کانګره کښې، هغه خو هلته ئے Settled کړل، شپږ سوه شپیته کورونه، هغوی له پلاټونه او رهائش پکار وو۔ څه چې کوم دے نیو دراین ټاؤن شپ کښې زمکه واخستے شوه، بقایا چې پاتې وه، هغه شیرګړه کښې چې کوم دے د نوابزاده صلاح الدین نه زمکه واخستے شوه 225 پلاټ، وروستو په هغې باندې د هغې هغه Tenants چې کوم وو، قابض، هغوی

ولګیدل انکار ئے وکړو، نو زه دا تپوس کوم چې دوئ ما له دا جواب راکوی چې دا د واپډې کار دے، زه واپډې له ځم، هغوی وائی دا د صوبائی حکومت کار دے نو چې کله ئے زما نه زمکه اخستله، زما کلے ئے خالی کولو نو په هغې کښې سیکشن فور وو، په هغې کښې زه ئے ویستمه، زما کورونه ئے خالی کول، نو اوس چې زما د پاره د پلاټ دغه وشی نو هغه Tenants هلته ناست دی، پیسې ئے اخستې دی، مالک اخستې دی او ادائیګی ورته شوې ده او اوسه پورې چې کوم دے ما له نه هغه پلاټونه راکوی او نه ما له هغه ټاؤن جوړوی نو اخر د دې دا ذمه واری زه د چا نه تپوس وکړم، ما ته اوښایئ چې زه چا ته لاړ شم چې ما لا زما دا حق راکړی؟

جناب سپیکر: عنایت خان صاحب۔

وزیر بلدیات: جواب میں تو بات بالکل کلیئر ہے کہ یہ ہے واپڈا کا مسئلہ، اور یہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سے ہم اس کا جواب مانگتے ہیں اور یہ جو جواب ہے، یہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سے آیا ہے۔ یہ جو سیکشن فور وغیرہ کی بات کرتے ہیں، کوئی بھی فیڈرل ایجنسی ہمارے ہاں کوئی کام کرنا چاہتی ہے تو Under the law اس کیلئے ہم زمین Acquire کرتے ہیں یا پروسیجر چلاتے ہیں اور چونکہ ہم اس ملک کے شہری ہیں تو فیڈرل گورنمنٹ اگر کوئی Activity اور اس کی کوئی ایجنسی یہاں کوئی کام کرتی ہے تو اس کیلئے ہم Assistance provide کرتے ہیں۔ ایڈمنسٹریشن جو ضلع کی ہوتی ہے، وہ Assistance provide کرتی ہے۔ اس سوال کے اندر بھی لکھا گیا ہے کہ ہماری ایڈمنسٹریشن اب بھی ان کو ہر قسم کی Assistance دینے کیلئے تیار ہے لیکن واپڈا اس کے بعد چلا گیا ہے یعنی جو زمین نوابزادہ صلاح الدین صاحب سے خریدی گئی تھی، اس زمین کے بعد انہوں نے آ کے ان کو کچھ پلاٹوں کی الاٹمنٹ کا سلسلہ شروع کیا لیکن اس پر وہ Dispute چلا اور Dispute کی وجہ سے واپڈا والے بھاگ گئے۔ اب یہ واپڈا والوں کے ساتھ تو ہمارے اپنے بھی ایشوز ہیں، ان کا جو یہ کہنا ہے کہ یہ خیبر پختونخوا حکومت کو نیٹ ہائیڈل پرافٹ دے رہے ہیں، یعنی ہمارا سب سے بڑا، اس اسمبلی کی تو سب سے بڑی ڈیمانڈ یہ ہے، سب سے بڑی Complaint یہ ہے، کے پی کے میں سب سے بڑی Resentment یہی ہے کہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا جو ہمارا Due share ہے، کانسٹی ٹیوشن کے اندر جو ہے، کانسٹی ٹیوشن کے اندر جو ہمارا حصہ بنتا ہے، وہ ہمیں نہیں دے رہے ہیں اور اس کو انہوں نے

Cap کر دیا ہے، 1991 سے چھ بلین پر انہوں نے Cap کر دیا ہے تو یہ سیچوایشن ہے کہ یہ ہے ویسے واپڈا کا، اب ظاہر ہے واپڈا کے ساتھ ہم Correspondences کر سکتے ہیں، لکھ سکتے ہیں ان کو لیکن واپڈا کو ہم مجبور تو نہیں کر سکتے ہیں اور مناسب یہی رہیگا کہ اس علاقے سے تعلق رکھنے والے ایم این ایز اس کو قومی اسمبلی میں اٹھائیں اور صوبائی حکومت سے وہ جو Assistance چاہتے ہیں، وہ ہم کرینگے، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ان سے تعاون کرے گی۔

جناب زرین گل: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب، زمکه اخستې شوې ده، پیسې ورکړې شوې دی صرف د غه خبره ده چې هغه Tenants چې دی، هغوی نه پاڅې نو دا د چا کار دے؟ دا خو د صوبائی حکومت کار دے چې هغه ځائې خالی کړی او هغه Plotting شروع کړی۔ دا خو ډپټی کمشنر یا کمشنر ته د اووائی چې بهئ! دا پیسې اخستې شوې دی، د پیسو پکښې څه خبره نشته دے۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! آپریشن تو واپڈا کرے گا، Owner تو واپڈا ہے اسلئے واپڈا اگر اس حوالے سے تعاون کرتا ہے، یہ الگ ہے کہ ایک لیگل اور ٹیکنکل پوزیشن ہے، وہ یہ ہے جو میں Explain کر رہا ہوں، وہ ایک مسئلے کا Solution ہے، وہ یہ ہے کہ اسمبلی کے اس فلور سے باہر میں اور یہ مل کے واپڈا سے بات کریں کہ بھئی یہ آپ کی Responsibility ہے، اس میں آپ سنجیدگی اختیار کریں۔ صوبائی حکومت واپڈا سے بات کرے کہ آپ اس میں سنجیدگی اختیار کریں اور جو Administrative assistance ہے، وہ پھر ہماری ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ان کو Provide کرے تو. This is the position.

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر! منسٹر صاحب جو جواب دے رہے ہیں کہ واپڈا کے ساتھ یہ کام ہے، واپڈا کا کام تو ختم ہو گیا ہے سر، واپڈا کا سیکشن فور بھی ہو گیا اور پراونشل گورنمنٹ کو Payment بھی انہوں نے کی ہو گی۔ اب جو زمین پر بیٹھے ہیں اور انہوں نے Payment وصول کی ہے، اب تو یہ سیدھا سادہ معاملہ ہے کہ کمشنر کو یا ڈپٹی کمشنر کو مقرر کریں کہ وہ وہاں سے ان لوگوں کو ہٹائیں اور جن کے پلاٹس ہیں یا

جن کو الاٹ ہو چکے ہیں، ان کو دیدیں، یہ تو سیدھی سادی بات ہے، اس میں تو واپڈا کا کوئی Role ہی نہیں ہے سر۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: جناب عنایت صاحب۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، شیراز خان بولیں جی۔

جناب محمد شیراز: اصل میں جو مسئلہ زرین گل صاحب نے اٹھایا ہے، ٹھیک ہے وزیر بلدیات جواب دے رہے ہیں کہ یہ سنٹرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے، اصل میں ٹھیک ہے واپڈا جو ہے وہ سنٹرل گورنمنٹ کا ہے لیکن سر، سنٹرل گورنمنٹ ڈائریکٹ کوئی چیز نہیں خریدتی۔ اصل میں منسٹر صاحب اس چیز پر دھیان دیں، کوئی معلومات کریں، جو کام بھی ہوتا ہے، وہ صوبائی گورنمنٹ کے Through ہوتا ہے۔ سنٹرل گورنمنٹ نے پیسے تو ریلیز کئے ہونگے، صوبائی گورنمنٹ کو دیئے ہونگے، آگے جو مسئلہ حل کرنا ہے، وہ صوبائی گورنمنٹ نے حل کرنا ہے۔ ان لوگوں کو پلاٹس دینے ہیں یا ان لوگوں کو جو زمین دینی ہے، وہ ان کا حق بنتا ہے تو ان کو صوبائی گورنمنٹ دیگی، وہ سنٹرل گورنمنٹ نہیں دیگی۔ سنٹرل گورنمنٹ جو ہے، وہ اصل میں جو واجبات یا جو ڈیمانڈز ہوتی ہیں، وہ اپنی بھیج دیتے ہیں تو بقایا جو مسئلہ ہے، وہ صوبائی گورنمنٹ ڈیل کرتی ہے تو اس وجہ سے منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ یہ مسئلہ صوبائی گورنمنٹ کا ہے، اس سے آپ معلومات حاصل کریں کہ جس محکمے سے بھی جو کچھ ہے، ان کو پلاٹس دینے ہیں یا جو کرنا ہے، یہ صوبائی گورنمنٹ کا مسئلہ ہے، سنٹرل گورنمنٹ کا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جناب عنایت صاحب۔

وزیر بلدیات: ایک تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کو پارٹی ایشو بنانے کی بجائے لوگوں کا ایک عوامی مسئلہ سمجھ کے Address کیا جائے، سنٹرل گورنمنٹ کے چکر میں پڑنے کی بجائے اگر سوال کو ہم پڑھیں، میں صرف Relevant حصے کو پڑھنا چاہتا ہوں، "Acquire شدہ اراضی کو مورخہ 08-01-2004 کو موقع پر حسب ضابطہ محکمہ حصول کنندہ کے حوالے کیا گیا تھا"، محکمہ حصول کنندہ، واپڈا، ٹھیک ہے، واپڈا کے اہلکاروں نے، یعنی اگر یہ واپڈا کا نہیں تھا، اس جملے کو آپ دیکھ لیں، "واپڈا کے اہلکاروں نے موقع پر تقریباً

20 دن کام کرکے 43 پلاٹس بنائے اور اسی دوران مزارعین نے واپڈا کے اہلکاروں کو کام سے روک کر اراضی حصول شدہ پر قابض ہوگئے، It means کہ حکومت نے زمین Acquire کی، واپڈا کے حوالے کی، واپڈا کا Domain تھا اسلئے انہوں نے آ کر اس پر 20 دن کام کیا اور محکمہ واپڈا نے Acquire شدہ اراضی کا دوبارہ قبضہ حاصل کرنے کی بابت تاحال کوئی قابل عمل پیشرفت نہیں کی ہے۔ اس بارے میں استدعا ہے کہ محکمہ واپڈا جو کہ حصول شدہ اراضی کا مالک ہے، WAPDA is the owner of that land, which is going to allotted to the affectees، یہ واپڈا Owner ہے اسلئے وہ اگر Initiative لے تو پراونشل گورنمنٹ، آگے جملے میں ہے کہ پراونشل گورنمنٹ ان کو Assist کرے گی، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ان کو تمام وہ Facility اور اس کی Execution کیلئے، لیکن ہے یہ Ownership واپڈا کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت صاحب! میں ایک Simple اس کی، ایک تو یہ ہے کہ زرین گل صاحب تو آپ کے ساتھ بیٹھ بھی جائیں گے۔ دوسرا یہ ہے کہ آپ ایڈمنسٹریشن کو انسٹرکشنز جاری کریں کہ جو ضروری اقدامات ہیں، وہ اٹھا لے۔

وزیر بلدیات: سر! میں آپ کی وساطت سے انسٹرکشنز ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو اس فلور آف دی ہاؤس پہ ایشو کرتا ہوں کہ وہ اس کو Take up کرے، واپڈا کے ساتھ Take up کرے، زرین گل صاحب بھی Follow up کریں، ہم بھی Follow up کرتے ہیں اور اس میں ہم Movers بنتے ہیں، یعنی ہم Owners نہیں ہیں لیکن ہم Movers بنتے ہیں لوگوں کی انٹرسٹ کیلئے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اوکے۔ کوسچن نمبر، زرین گل صاحب، بس تا سو يئ نو۔ (قہقہے)

* 769 _ جناب زرین گل: کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع تورغر کے گاؤں کاروڈ مداخیل کیلئے واٹر سپلائی سکیم کی منظوری دی گئی تھی جس پر کام جاری ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس سکیم کا کل تخمینہ لاگت، مقررہ وقت برائے تکمیل کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں؛

(ii) اب تک مکمل شدہ سکیم پر خرچ شدہ لاگت کی اور اس سکیم پر مزید کتنی رقم کی ادائیگی باقی ہے، کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) مذکورہ سکیم میں استعمال ہونے والے پائپس گورنمنٹ کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ہیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات) (جواب وزیر بلدیات نے پڑھا): (الف) مذکورہ سکیم پر تعمیراتی کام کا زیادہ حصہ جون 2013 کو مکمل کر دیا گیا ہے ماسوائے سٹوریج ٹینک اور کچھ حصہ پائپ جس پر کام جاری ہے اور جلد مکمل کیا جائے گا۔ اس تاخیر کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم دیدیا گیا ہے۔

(ب) (i) 29.040 ملین۔ 30 جون 2013۔

(ii) اس سکیم پر 25.978 ملین خرچ ہو چکے ہیں جس میں سے 3.2 ملین ٹیسٹنگ میں ڈیپارٹمنٹ کے پاس پڑے ہیں۔

(iii) جی ہاں، تمام پائپس معیار کے مطابق اور Pre qualified کمپنی کے لگائے گئے ہیں۔

جناب زرین گل: (قہقہہ) ډیره مننه محترم سپیکر صاحب، سوال نمبر 769، (الف) (ب)۔ محترم سپیکر صاحب، زما دا سوال چې دے په دې باندې، دا زما یو آبنوشی سکیم وو او د دې Completion period چې وو هغه 30 جون وو، د هغې نه په را ایسته اته میاشتې وشوې، دا مکمل هم نه شو، دا چې د کوم ځائې د پاره وو، دلته دا سب تحصیل دے، دلته تهانړه ده۔ د تهانړې بلډنګ په دې نه جوړیږی چې هلته اوبه نشته۔ د سب تحصیل بلډنګ په دې نه جوړیږی چې هلته اوبه نشته او هغه د کلی د پاره او د دغه تهانړې او تحصیل د پاره څه کم د درې کروړه روپو منظوری شوې وه، دوه نیم کروړه روپئ اووتې او سکیم په ځائې پروت دے، پائپونه په ځائې پراته دی۔ 'سورس'، وچ 'سورس' ته ئے چې کوم دے پائپ نیولے دے۔ زه د دې تپوس دا کول غواړم چې دا خو Criminal negligence دے۔ هلته نه اوبه شته، نه چې کوم دے اوسه پورې پیسې اووتې، سکیم تباه حاله پروت دے۔ نو زه د دې ستاسو په وساطت د وزیر صاحب نه تپوس

کوم چې آیا د دې متعلق دوئ څه انکوائری کړې ده، انکوائری رپورټ څه دے، دا به کله مکمل کیږی؟ په دې څه پیشرفت شوے دے نه دے شوے، د چا خلاف څه کارروائی شوې ده که نه ده؟ دا پیسې ولې وتې دی او دا کار ولې نه دے مکمل شوے؟ بنه ساکټې هم ویلډنگ کوی، یونینې په ځائې ویلډنگ کوی، پیسې د یونینو اخلی او تباه و برباد شو هغه ټول سسټم، ولې چې هغه په غرونو کښې چې ته هلته ویلډنگ وکړې سبا چې هغه دغه شی نو دا خو یونین د دې د پاره وی چې هغه یونین کھلاؤ کړې نو هغه به ترې دغه وشی، نو مهربانی وکړئ، ما له خو که څه جواب، نو دا یا خو کمیټئ ته حواله کړئ چې په دې، یا یو کمیشن جوړ کړئ چې لاړ شی او د هغه Site معائنه وکړی او د دې صحیح رپورټ راوړی۔

جناب سپیکر: جناب عنایت صاحب۔

وزیر بلدیات: پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کا سوال ہے، شاہ فرمان صاحب اس کے انچارج منسٹر ہیں، یہ ابھی تک اسمبلی میں نہیں آئے ہیں اور اسلئے میں ان کے Behalf پر Respond کر رہا ہوں۔ اس میں انکوائری کا تو آرڈر دیدیا گیا ہے، اب انکوائری کس سٹیج میں ہے، میرے ساتھ اس کی انفارمیشن، فریش انفارمیشن نہیں ہیں، میں وہ انفارمیش وقفے میں ان کو Provide کر سکتا ہوں، ڈیپارٹمنٹ سے چیک کر کے انکوائری کی جو پیشرفت ہے، وہ ان کو Provide کر سکتا ہوں اور انکوائری کی Findings، ڈیپارٹمنٹ سے فریش انفارمیشن لے کے ان کے ساتھ شیئر کرنے کے بعد اگر یہ مطمئن نہ ہوں تو پھر ان کے اطمینان کے مطابق آگے جائیں گے۔ ویسے ان کی بات بالکل مناسب ہے، درست ہے کہ-----

جناب سپیکر: نہیں، اگر اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، مطلب یہ ہے کہ اگر اس قسم کے-----

وزیر بلدیات: میرے خیال میں کمیٹی میں بھیجنے کی بجائے، کمیٹی میں بھیجنے کی بجائے اگر ایم پی اے صاحب، دیکھیں سیکرٹری پی ایچ ای یہاں موجود ہیں، چیف انجینئر پی ایچ ای موجود ہیں اور وقفے میں ان کے ساتھ بیٹھ کے یہ ساری انفارمیشن، اگر کمیٹی کے بغیر کام ہو سکتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کمیٹی میں بھیجنے کا کوئی فائدہ پھر نہیں ہے۔

جناب زرین گل: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: يره جي كه دا سې وكړو دا سټينډنګ كميټۍ جوړې دی او دغه چې كوم رپورټ راغے، سټينډنګ كميټۍ ته ئے ريفر كړئ، هلته د هغه رپورټ راشی، ټول به كښينو او۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اوکے، کمیٹی، یہ کوئسچن کمیٹی کو، (مداخلت) ہں؟ (مداخلت) جی جی، نہیں یہ کمیٹی، یہ کوئسچن کیونکہ مطلب یہ جو پرفارمنس ہے اور اس قسم کی اگر کوئی سیچویشن، تو Definitely اس کی ڈیٹیل، پوری انفارمیشن آنی چاہیئے اور میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں کہ کمیٹی میں بھیج دیں اس کو؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہاؤس سے پوچھ لیں۔

جناب سپیکر: ایک منٹ۔

وزیر بلدیات: میں نے ان کو آفر کی ہے کہ آپ کمیٹی، یہ انہوں نے Commitment کی ہے کہ ہم، یہ انکوائری ہم کر رہے ہیں، تاخیر کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنايت صاحب! دا سې چل دے، ایک منٹ چھوڑو میں بات کرتا ہوں۔

وزیر بلدیات: دیکھیں، دیکھیں سر!

جناب سپیکر: ایک منٹ، میری بات سنیں۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: دیکھیں اگر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! میری بات سنیں نا، دیکھیں اس میں کیا ہے، کمیٹی میں جائے گا تو کسی کو پھانسی، تو حقیقت پھر سامنے آ جائے گی نا؟

(تالیاں)

وزیر بلدیات: آپ رولنگ دیدیں، آپ کی رولنگ ہے تو اس کو تو ہم Honour کرتے ہیں، آپ کی رولنگ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اوکے جی، یہ کمیٹی کو چلا گیا۔

(تالیاں)

وزیر بلدیات: آپ کی رولنگ ہے تو اس کو تو ہم Honour کرتے ہیں لیکن ویسے میں اس کے حق میں نہیں تھا۔

جناب سپیکر: اچھاٹائم، کوئسچنز کافی پڑے ہیں، میں سمجھتاہوں کہ ایجنڈے کو بھی Sort کرناہے جی۔ ارباب اکبر حیات صاحب جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! دې سره Related question زما هم دے۔

جناب سپیکر: اس طرح ہے کہ اگر آپ کا کوئی ہے تو ہمارا یہاں سیکرٹری، ابھی یہ تو کمیٹی میں چلا گیاہے، آپ پھر کمیٹی میں جو ہے اس کے مطابق کرلیں۔

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب! یره چې زما دا کوئسچن د پکښې هم شامل شی او کمیټئ ته د لاړ شی۔

جناب سپیکر: آپ کو بلالیں گے کمیٹی میں۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکرا! دا یو ډیره لویه مسئله ده جی او دا هم دې سره Related ده او که دا د دې سره شامل شی نو-----

وزیربلدیات: دوئ د فریش اسمبلی کوئسچن راؤړی جی۔

جناب سپیکر: اچھادیدو جی، کوئسچن دیدیں پھر اس کی، اچھا Next Arbab Akbar Hayat. Not present. Arbab Akbar Hayat, not present, lapsed۔ یہ کوئسچن Lapse ہوگیا۔ مفتی سید جانان۔

* 1067 _ مفتی سید جانان: کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ حکومت نے پینے کے صاف پانی کیلئے (واٹر فلٹریشن) سکیمز شروع کی تھیں اور مذکورہ منصوبے کیلئے قومی خزانے سے کثیر رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i) مذکورہ منصوبے کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی اور کون کونسے اضلاع اوریونین کونسلوں میں شروع کرنے کامنصوبہ تھا، کب تک مکمل ہوناتھااور کونساعلاقہ باقی ہے؛

(ii) مذکورہ منصوبے کے ٹھیکیدار کو کتنی رقم دی گئی، آیامذکورہ ٹھیکیدار کوزیادہ رقم نہیں دی گئی اور کام بھی کم ہواہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) وفاقی حکومت نے 2006-07 میں Clean Drinking Water for All یعنی "صاف پانی سب کیلئے کے نام سے" ایک پراجیکٹ پورے ملک، بشمول آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور قبائلی علاقہ جات میں شروع کیا تھا جس کا مقصد ہر یونین کونسل میں ایک واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانا تھا۔ اس پراجیکٹ میں صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام 986 یونین کونسلوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے تھے جس کیلئے 2196.6 ملین روپے وفاقی حکومت نے پی ایس ڈی پی سے مہیا کرنے تھے اور پراجیکٹ کو محکمہ بلدیات صوبہ خیبر پختونخوا کے ذریعے جون 2010 میں مکمل ہونا تھا لیکن اٹھارہویں ترمیم کے تحت یہ وزارت صوبوں کو منتقل ہوئی، اس وقت تک وفاقی حکومت نے صرف 881.241 ملین روپے صوبائی حکومت کو مہیا کئے تھے۔ پہلی پراجیکٹ سٹیرنگ کمیٹی میٹنگ جس کے سربراہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ ہیں، نے یہ فیصلہ کیا کہ پراجیکٹ کو وفاق سے موصول ہوئی رقم کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ اب تک اس پراجیکٹ میں صرف 230 واٹر فلٹریشن پلانٹس لگائے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

تفصیل ضلع وار واٹر فلٹریشن پلانٹس

"صاف پانی سب کیلئے" پراجیکٹ خیبر پختونخوا پشاور

| ضلع | نصب کئے گئے پلانٹس کی تعداد |
|---|---|
| پشاور | 19 |
| مردان | 51 |
| چارسدہ | 22 |
| نوشہرہ | 13 |
| صوابی | 10 |
| ایبٹ آباد | 20 |
| ہری پور | 12 |

| | |
|---|---|
| مانسہرہ | 08 |
| ملاکنڈ | 15 |
| سوات | 12 |
| دیر لوئر | 08 |
| شانگلہ | 02 |
| بنوں | 26 |
| ڈی آئی خان | 12 |
| ٹوٹل | 230 |

(ii) ٹھیکیدار کو معاہدے کی شق کے مطابق 30% موبلائزیشن ایڈوانس یعنی 632.38 ملین روپے (بشمول انکم ٹیکس) ادا کئے گئے تھے۔ Slow progress کی بناء پر دوسری پراجیکٹ سٹیرنگ کمیٹی میٹنگ میں ٹھیکہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا اور ٹھیکیدار سے باقی ماندہ زیادہ رقم وصول کرنے کا حکم دیا۔ اس سلسلے میں محکمہ بلدیات خیبر پختونخوا نے قانون کے مطابق کارروائی شروع کر دی ہے۔

مفتی سید جانان: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زه د سوال ډیر تفصیل کښې نه ځم خو اخر کښې یوې خبرې طرف ته ستاسو توجه راا ړول غواړم۔ جناب سپیکر صاحب، ما لیکلی دی "مذکورہ منصوبے کے ٹھیکیدار کو کتنی رقم دی گئی، آیا مذکورہ ٹھیکیدار کو زیادہ رقم نہیں دی گئی اور کام بھی کم ہوا ہے؟" جناب سپیکر صاحب، جواب کښې دوئ وائی "ٹھیکیدار کو معاہدے کی شق کے مطابق 30% موبلائزیشن ایڈوانس یعنی 632.38 ملین روپے (بشمول انکم ٹیکس) ادا کئے گئے تھے۔ Slow progress کی بناء پر دوسری پراجیکٹ سٹیرنگ کمیٹی میٹنگ میں ٹھیکہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا اور ٹھیکیدار سے باقی ماندہ زیادہ رقم وصول کرنے کا حکم دیا۔ اس سلسلے میں محکمہ بلدیات خیبر پختونخوا نے قانون کے مطابق کارروائی شروع کر دی ہے"۔ جناب سپیکر صاحب، دا تیر حکومت بنه نیک نیتئ سره به دا سکیم شروع کړے وی خو دیکښې جناب سپیکر صاحب، دا یو اخبار ما سره دے د 16 د سمبر سن 2013، دا

لیکی " خیبر پختونخواواٹر فلٹریشن پلانٹ فراہم کرنے والا فرم کروڑوں روپے لیکر غائب" بیا بقایا کبنې ئے جی لیکلی دی، دا تقریباً دس نمبر بقایا دہ۔ دس نمبر بقایا کبنې 874 ملین روپئ، دا 874 ملین روپئ دغه ٹھیکیدار وړی دی مطلب دا دے تر اوسه پورې بیا نه دے راغلے او دیکبنې تقریباً درې خلور بینکونه ملوث دی نو زما به منسټر صاحب ته دا گزارش وی د دغې صوبې د مفادو په خاطر باندې چې دا د سٹینډنگ کمیټئ ته لاړ شی چې دا خومره، څنگه خلق وو چې کار نه دے شوے او مطلب دا دے بیا هم 874 ملین روپئ مطلب دا دے دغو خلقو زیاتې وړی دی؟ نو زما به منسټر صاحب ته گزارش وی چې دا د سٹینډنگ کمیټئ ته لاړ شی چې هلته کبنې د دې د ذمه دارو تعین وشی۔

<u>جناب سپیکر</u>: که زه یو ریکویسټ وکړم چې منسټر صاحب Concerned نه دے راغلے او که دا مونږه پینډنگ کړو، دا مونږه بلې ورځ ته پینډنگ کړو نو-----

<u>مفتی سید جانان</u>: دا خو جی د بلدیاتو دغه دے جی-----

<u>جناب سپیکر</u>: اوہو، سوری جی۔

<u>مفتی سید جانان</u>: د بلدیاتو سوال دے جی، د بلدیاتو منسټر متعلق-----

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات)</u>: سر! یہ ویسے بڑا High profile اور Important case ہے، It's a very high profile and important case، اس میں فیڈرل گورنمنٹ کے اندر بھی میٹنگز ہوئی ہیں، وہاں کی سٹینڈنگ کمیٹیز میں بھی یہ گیا ہے اور انہوں نے کے پی کے گورنمنٹ کے حق میں فیصلے کئے ہیں، وہ فیصلے بھی Implement نہیں ہوئے ہیں۔ یہ پورا فراڈ جو ہے، اس میں بینک آف پنجاب Involve ہے، اس میں دو تین اور بینکس بھی Involve ہیں۔ اس پورے کیس کو خیبر پختونخوا حکومت نے بڑا Seriously take up کیا ہے اور جب ہماری حکومت آئی ہے تو ہم نے بڑا Seriously اس کو Take up کیا ہے، اسلئے کہ اتنی لمبی چوڑی مطلب ایسی بڑی موٹی فائل ہے اور اس پر ہم کام کر رہے ہیں اور اس میں کچھ حد تک سٹیٹ بینک بھی Involve ہے، سچی بات یہ ہے، تو یہ میرے خیال میں ہم اس پر بہت آگے جا چکے ہیں اور میں اس پر مطلب منسٹر صاحب اگر ان کے ساتھ دوسرے لوگ Interested ہوں تو اس پر میں ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے Briefing arrange کرنے کیلئے بھی تیار ہوں کیونکہ

میرے خیال میں اس پر ہم کام کر رہے ہیں، کمیٹی میں جانے کی ضرورت نہیں ہے، صرف میں ان کو Update کرونگااس میں کہ کیاہماری پراگریس ہے؟ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اس کیس کے اوپر ان کو وہ دیں گے، بریفنگ دیں گے اوراس میں ہم بڑے سیریس ہیں، یعنی اس سے ہم زیادہ سیریس ہیں اوراس کیس کی وجہ سے ہمیں بڑی وہ ہے، یہ کے پی گورنمنٹ کو بہت بڑادھوکہ دیا گیاہےاوراس پوری Findings کو جب ہم ان کے سامنے لائیں گے تو یہ خود مطمئن ہونگے کہ ہم کس حد تک جاچکے ہیں اور کہاں کہاں ہم نے پراگریس کی ہےاس میں؟

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! پیسې جی د صوبائی حکومت نه ویستلې شوې دی که دا د مرکز نه؟ که د صوبائی حکومت په Through باندې دا پیسې ویستې وی نو مطلب دا دے سټینډنګ کمیټۍ ته د لاړ شی، دا د دغې صوبې حق دے او که مرکزی حکومت نه نه وی راغلی، هغو خلقو ویستې وی بیا د مطلب دا دے سټینډنګ کمیټۍ ته نه ځی خو دا خو جناب سپیکر صاحب، معلومه خبره ده صوبائی حکومت ته راغلی دی او د صوبائی حکومت په Through باندې دا پیسې ویستې شوې دی۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! یہ پیسے موبلائزیشن ایڈوانس کے طور پر دیئے گئے ہیں، جو باقی پیسے دیئے گئے ہیں، وہ False guaranties کے اوپر انہوں نے In cash کئے ہوئے ہیں اور یہ پراونشل گورنمنٹ نے نہیں کئے ہیں۔ یہ بینک آف پنجاب، اس میں کسی حد تک سٹیٹ بینک، کسی حد تک الائیڈ بینک، دوسرا بینک، یہ سارے بینکس جو ہیں اس میں Involve ہیں اور میری خواہش ہے کہ اس پر آپ کی بریفنگ ہو۔ یہ اگر چاہتے ہیں تو اسمیں میں Formal ان کی بریفنگ کرونگا، یہ بڑا High profile case ہے، ان کے ساتھ میں Agree کرتاہوں۔

جناب سپیکر: اس میں میری Suggestion یہ ہے، مفتی صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ اس پر اس طرح کریں کہ اس کو پینڈنگ کرکے بریک میں آپ لوگ آپس میں مل بھی لیں اور کوئی اس کی نکالیں تو یہ زیادہ Suitable ہوگا۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! ہم اس پر بڑے سیریس ہیں یعنی ہمارا سب سے زیادہ، اس کیس میں ہم نے بہت زیادہ دلچسپی لی ہے اور اس میں Recently developments بھی ہوئی ہیں۔ انہوں نے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جی جی، اس کے بعد آپ کو دیں گے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

وزیر بلدیات: ہم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بات کر لیں۔ سردار صاحب! اس کے بعد بات کر لیں گے۔

وزیر بلدیات: دیکھیں، میں پھر ایک دوسری، آپ کمیٹی کو اس کو ریفر کریں، مجھے اس پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: هلته به بریفنگ وشی، کمیټۍ ته د لاړ شی هلته به وشی۔

وزیر بلدیات: کمیٹی کے سامنے ہمارا ڈیپارٹمنٹ Presentation دیگا اس کیس کے حوالے سے، میں اس سے بھی اختلاف نہیں کرتا کیونکہ وہ تو مجھے Strengthen کرے گی، وہ کمیٹی مجھے Strengthen کرے گی۔

مفتی سید جانان: ٹھیک شوله جی، ٹھیک شوه جی، ٹھیک شو۔

جناب سپیکر: ہاں سردار! اس ایشو پر بات کرنی ہے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر، وہ پوائنٹ آف آرڈر ہے سر۔

جناب سپیکر: یہ پھر بات کریں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ سر، ایک لیگل پوائنٹ میں آپ کو بتا رہا ہوں سر۔ یہ سر، جو آپ آرڈر کر دیتے ہیں کہ کمیٹی کے حوالے کرو، پروسیجر تو یہ ہے کہ پہلے یہ Put کریں گے آپ اسمبلی کو۔۔۔۔۔

ایک رکن: تو ہاؤس کو۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ہاؤس کو، تو وہ ہاؤس پھر 'Yes' یا 'No' کا وہ کرے گا۔

جناب سپیکر: میں نے کیا ہے جی، میں نے اسمبلی سے، آپ نے نہیں سنا؟ میں نے کہا، ساری اسمبلی کو میں نے بتایا، ہاتھ اٹھایا، توانہوں نے کہا کہ 'Yes' اس کے بعد میں نے کمیٹی کے حوالے کر دیا۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: آپ نے کہا لیکن وہ Wording آنی چاہیئے سر کہ آپ یہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور دوسری بات یہ ہے کہ Concerned Minister نے خود کہا ہے کہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تو اس کا پروسیجر پورا ہو گیا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر، کمیٹی کے علاوہ آپ اسے ہاؤس کو Put کریں گے سر جی۔

جناب سپیکر: وہ کر دیا جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ابھی ڈائریکٹ اگر آپ سر، آرڈر کریں گے تو یہ جو بزنس رولز ہیں، اس کی Violation ہو گی سر، بس میں صرف یہ پوائنٹ آپ کو یاد دلانا چاہتا تھا۔

جناب سردار حسین: شکریہ، شکریہ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ سارے دیکھ رہے ہیں، میں نے کیا ہے کہ نہیں کیا؟

اراکین: کیا ہے، کیا ہے۔

(تالیاں)

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ میں اس پر زیادہ بات نہیں کرونگا، یہ ریکویسٹ کرنا چاہونگا سپیکر صاحب کہ یہ جتنا بھی بزنس آرہا ہے، میرے خیال میں منسٹر صاحب خود بھی سمجھتے ہیں کہ یہ نئی حکومت کی سکیمیں نہیں ہیں، یہ پچھلی حکومت کی سکیمیں ہیں اور میں تو یہی مشورہ دونگا کہ اگر یہاں سے مؤور خود یہ ریکویسٹ کرتا ہے کہ کمیٹی کی طرف چلا جائے تو پھر ادھر سے میرے خیال میں اتنا Resistance نہیں آنا چاہیئے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ جب اپوزیشن خود سے، اپوزیشن خود سے ان چیزوں کو Scrutinized کرنا چاہتی ہے، جاننا چاہتی ہے تو میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کیلئے بھی ایک طرح سے ان کے ساتھ مدد کرنی ہے تو اسی لئے ریکویسٹ ہو گی کہ کمیٹیوں میں جو بزنس جاتا ہے، ٹھیک ٹھاک طرح سے پتہ چل جائے گا کہ مطلب کیا ہوا ہے اور کیا نہیں ہوا ہے؟

Mr. Speaker: Next Mufti Said Janan Sahib.

* 1068 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ٹی ایم اوز اور دیگر افراد بھرتی کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان بھرتی شدہ افراد میں کئی افراد قانونی تقاضے پورے کئے بغیر بھرتی کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بھرتی کئے گئے ٹی ایم اوز اور دیگر افراد کے نام، پتہ و عہدہ، اخباری اشتہار کی کاپی اور ٹیسٹ انٹرویوز کی لسٹ الگ الگ ایئر وائز فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) کسی بھی فرد کو قانونی تقاضے پورے کئے بغیر بھرتی نہیں کیا گیا ہے۔ LCs-PUGF کی مختلف خالی آسامیوں پر بھرتی لوکل کونسلز پی یو جی ایف سروس رولز 1980 کے مطابق اخبارات میں مشتہر ہونے کے بعد کی گئی ہے۔

(ج) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بھرتی شدہ ٹی ایم اوز اور دیگر کے نام بمعہ پتہ و عہدہ، اخباری اشتہارات اور ٹیسٹ و انٹرویوز کی تفصیلات (ایوان کو فراہم کی گئیں)۔

مفتی سید جانان: دا جی ما ته ئے یو جواب را کړے دے، نور به خدائے عالم وی د حقیقت نه او حقیقت خو وی داسې نه خو بهرحال دې سوال باندې ډیر محنت شوے دے، د دې وجې نه زه مطمئن یم سوال نه۔

جناب سپیکر: مہربانی۔ Next question، مفتی سید جانان صاحب۔

* 1069 مفتی سید جانان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2008 سے 2013 تک ٹی ایم اے ٹل کو سالانہ فنڈ برائے تعمیر، ترقی و بحالی کیلئے فنڈ دیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ٹی ایم اے ٹل کو موصول شدہ رقم کی تفصیل اور موصول شدہ رقم جن جن کاموں پر خرچ کی گئی، اس کی تفصیل ائیر وائز فراہم کی جائے، نیز مذکورہ کام کس کی سفارش پر ہوئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) ہاں۔

(ب) مطلوبہ تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | سال | رقم | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 01 | 2008-09 | 34,15,000 | ناظم تحصیل کونسل کی سفارش پر ترقیاتی کاموں پر |
| 02 | 2009-10 | 27,86,000 | تنخواہ، رینٹ اور ترقیاتی کاموں پر ایڈمنسٹریٹر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹل کی اجازت سے خرچ کی گئی |
| 03 | 2010-11 | 42,82,000 | تنخواہ سٹاف اور رینٹ میں دیئے گئے بحکم ایڈمنسٹریٹر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹل خرچ ہوئی |
| 04 | 2011-12 | 21,16,000 | تفصیل ندارد |
| 05 | 2012-13 | 46,56,000 | مذکورہ رقوم سال 12-2011 اور 13-2012 ایم اینڈ آر واٹر سپلائی / سینی ٹیشن پر بحکم ایڈمنسٹریٹر صوبائی حکومت کی منظوری کے تحت لگائے |

مفتی سید جانان: دیکښې جی په یوې خبرې باندې زما اخر کښې دا پانچ نمبر کښې دوئ لیکلی دی چې "46,56,000=13-2012، مذکورہ رقوم سال 12-2011 اور 2012-13 ایم اینڈ آر واٹر سپلائی/سینی ٹیشن پر بحکم ایڈمنسٹریٹر صوبائی حکومت کی منظوری کے تحت لگائے"۔ دا جناب سپیکر صاحب، دغه خلقو نه ما دوه درې ځلې معلومات کړی دی، زه دوئ ته ورغلے یم نو دا پیسې نه دی لګیدلې، لکه دا صرف نه دی شوې۔ زما به منسټر صاحب ته دا ګزارش وی او دا مهربانی د وشی یا د محکمانه انکوائری وشی او یا د سټینډنګ کمیټئ ته لاړ شی او که خفه کیږی نه هله؟

جناب سپیکر: جناب عنایت صاحب۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): سرا! مفتی جانان صاحب خوږ سړے دے دلته چې شهیدان شی خلق نو دوئ ورله دعا هم کوی، د زړه د اخلاصه دعا هم کوی (قہقہہ) نو د دې وجې نه چې د ده ښنګه خوښه وی، هغه شان ما ته منظوره ده۔ دے د اووائی کمیټئ ته ئے لیږل غواړی، که نه بل شان کول غواړی؟

مفتی سید جانان: منسٹر صاحب وائی نو Withdraw یم جی بس ورنه، تهیک شوله جی۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you. Mufti Said Janan Sahib.

* 1070 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی سرکاری قیمتی مشینری چترال کے دور دراز علاقوں میں برائے تعمیر شاہرات پر کئی سالوں سے پڑی ہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مشینری چترال اور دیگر جن جن اضلاع میں پڑی ہے،اس کی قیمت کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؟

(44) محمد سجاد بل ڈسٹری بیوٹر B-4

(45) سیف الرحمان اسسٹنٹ ٹیکس انسپکٹر B-4

(46) خالد خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(47) رفیع الحق ایجنڈا کلرک B-7

(48) صفت اللہ ٹیوب ویل آپریٹر B-1

(49) محمد اقبال بیلدار B-2

(50) حبیب الرحمان ٹیوب ویل آپریٹر B-2

(51) طارق خان پے اینڈ پنشن کلرک B-1

(52) زین اللہ نائب قاصد B-1

(53) جمشید خان مالی B-1

(54) عالمزیب خان سینیئر کلرک B-9

(55) محمد سرور ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(56) ابرابر خان چوکیدار B-1

(57) لطیف خان پائپ فٹر B-4

(58) میر باز خان چوکیدار B-1

(59) ضیاء جان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(60) فید اللہ خان نائب قاصد B-2

(61) رازق احمد خان ٹیوب ویل آپریٹر B-2

(62) شبیر احمد خان مالی B-2

(63) اول باز خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(64) ظہیر علی شاہ نائب قاصد B-1

(66) شاہ محمود ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(67) رسول زمان چوکیدار B-1

(68) ماجد علی شاہ وال مین B-2

(69) رحمان علی بیلدار B-1

(70) رئیف خان مالی B-7

(71) انور سعادت خان اسسٹنٹ لائبریرین B-7

(72) صفت اللہ خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(73) فرید اللہ خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(74) کامران ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(75) ودین شاہ چوکیدار B-1

(76) گل رائیپ خان مالی B-1

(77) طاہر خان مالی B-1

(78) طلعت محمود نائب قاصد B-1

(79) ممتاز خان نائب قاصد B-1

(80) حبیب اللہ پے کلرک B-2

(81) حافظ عبدالغنی روڈ بیلدار B-2

(82) عمران اللہ بل ڈسٹری بیوٹر B-4

(83) صبغت اللہ ٹیوب ویل چوکیدار B-1

(84) سعید اکرام شاہ چوکیدار B-1

(85) سلیم خان ٹرمینل انسپکٹر B-11

(86) شعیب خان لائن مین B-1

(87) رحمت نور نائب قاصد B-1

(88) حافظ رفید اللہ نائب قاصد B-1

(89) جہانزیب خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(90) وسیم رشید بیلدار B-1

(91) وحید اللہ خان چوکیدار B-1

(92) سہیل خان بلیدار B-1

(93) لقمان اسسٹنٹ ورک منشی B-4

(94) حافظ عمر فیاض پیش امام B-4

(95) نیاز علی شاہ اسسٹنٹ ورک منشی B-4

(96) کاشف خان نائب قاصد B-2

(97) محمد جنید خان سینیئر کلرک B-9

(98) عامر خان نائب قاصد B-2

(99) غظنفر علی نائب قاصد B-2

(100) احسان علی ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(101) فطرت اللہ پائپ فٹر B-1

(102) حامد خان ٹیوب ویل چوکیدار B-1

(103) غفار سبزی منڈی چوکیدار B-1

(104) فہیم خان نائب قاصد B-1

(105) ارسلان خان نائب قاصد B-1

(106) نصر اللہ پائپ فٹر B-1

(107) شاہد خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(108) تاج محمد ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(109) فہیم اللہ ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(110) انعام اللہ سیکورٹی گارڈ B-2

(111) اقبال شاہ سیکورٹی گارڈ B-2

(112) افتخار احمد ٹیکس کلیکٹر B-4

(113) یوسف خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(114) مسیح اللہ خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(115) فرمان اللہ سٹینو B-12

(116) میر زراف خان واٹر پائپ فٹر B-4

(117) سرفراز الیکٹریشن B-2

(118) محمد لائق شاہ ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(119) صبغت اللہ چوکیدار B-1

(120) حنیف اللہ شاہ اسسٹنٹ لائبریری کلرک B-4

(121) عمران چوکیدار B-1

(122) جمشید خان بلڈنگ انسپکٹر B-9

(123) عبداللہ شاہ ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(124) شریف اللہ چوکیدار B-1

(125) محمد بنوار خان ٹیوب ویل آپریٹر B-4

(126) جاوید علی ٹیکس کلیکٹر B-4

(127) فرحت اللہ چوکیدار B-1

(128) جہانگیر خان نائب قاصد B-1

(129) شہباز خان نائب قاصد B-2

(130) محمود علی شاہ نائب قاصد B-1

(131) محمد بلال بلیدار B-1

جملہ بھرتیاں مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق کی گئی ہیں۔ ضروری اشتہارات کی فوٹو کاپیاں (ایوان کو فراہم کی گئی) جبکہ کلاس فور اہلکاران ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے ساتھ باقاعدہ رجسٹرڈ ہیں اور سلیکشن سب کمیٹیوں کے ذریعے کی گئی ہے۔

## رسمی کارروائی

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! ابھی ابھی اطلاعات کے ذریعے یہ پتہ لگا ہے، بہت ہی افسوسناک کہ پشاور میں ایرانی قونصل خانہ کے قریب بلاسٹ ہوا ہے اور اس میں ساتھ ہی وہاں پہ فائرنگ ہو رہی ہے جو کہ انتہائی قابل مذمت اور انتہائی تشویشناک ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ اس وقت اور بھی ایسی سیچویشن ہے کہ ہم سب کیلئے اس کو دیکھنا اور اس کو مزید سمجھنا انتہائی ضروری ہے، افسوسناک اور قابل مذمت ہے اسلئے میں نے آپ سے ریکویسٹ کی کہ اس کو ہم یہاں پہ آن دی فلور آف دی ہاؤس بھی Condemn کرتے ہیں۔ فی الحال یہ پتہ نہیں کہ اس میں Casualties ہیں کہ نہیں، اس کی اطلاع آرہی ہے لیکن وہ جس نوعیت کا دھماکہ تھا تو یہ اس طرح کا اندیشہ ہے کہ Casualties بھی ضرور ہونگی لیکن یہ بہت اندوہناک صورتحال ہے جناب سپیکر اور میں چاہونگی کہ یہ ہمارے ممبران جو ہیں، اور بھی اس پر غور کریں اور جو ہم نے کل ہی بحث سمیٹی تھی لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے، اس کی روشنی میں ان تمام چیزوں کا تدارک کریں۔ افسوس یہ ہے کہ اس طرح وہ پہلے سے Sensitive جگہ ہے جس کے اوپر کافی ایسے اندیشے تھے اور خطرات تھے اور پھر کیا وجہ ہے کہ وہاں پر سیکورٹی کا اس طرح کا بندوبست نہیں ہو سکا، بہر حال یہ تمام چیزیں آئیں گی اور ابھی کل ہی ہماری جس طرح اس سے پہلے بات ہوئی عدالت خان ایڈوکیٹ کے حوالے سے اور دیگر جو ہمارے یہاں پر، کوہاٹ میں جو کل بڑا گھناؤنا واقعہ ہوا تو اس کے پیش نظر ہم سب کیلئے یہ انتہائی ایک افسوسناک اور قابل افسوس و تشویش کی صورتحال ہے، اس کا ہم سب کو بڑا Seriously notice لینا ہے اور خاص طور پر حکومت کو اس میں نوٹس لینا ہوگا اور خاص طور پر ہماری جتنی بھی فارن یہاں پر ایجنسیز ہیں، جو سفارتخانے ہیں یا جو آکا برین ہیں، ویسے تو یہاں پر زیادہ تر کو تو Security advisory مل چکی ہے لیکن جو چند ایک یہاں پر ہیں، ان کو ہمیں بہت ہی Foolproof security دینے کی ضرورت ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، انتہائی افسوسناک واقعہ آپ کے توسط سے میں، یہاں پر ہیلتھ منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، تھوڑی سی توجہ اگر دیدیں تو مہربانی ہوگی۔ جناب سپیکر صاحب، ہیلتھ منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، میرا خیال ہے ان کو فوری طور پر رابطہ کرنا چاہیئے کیونکہ اگر فائرنگ اور اگر یہ بلاسٹ ہوا ہے تو یہاں پر ظاہر ہے Casualties اور وہاں زیادہ دوائیوں کی، اور چونکہ یہ Foreigners ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں کہ جو ہمارے تعلقات ہمسایوں کے ساتھ خراب کرنا چاہتے ہیں تو اس قسم کے جو واقعات ہو رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، اس پہ ہم نے کل پرسوں ہی بحث سمیٹی تھی اور اس بحث کے جواب میں جذباتی باتیں ادھر سے آئی تھیں اور وہ کہہ رہے تھے کہ ہمیں کوئی Suggestion نہیں دی گئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اب جیسا کہ قومی وطن پارٹی کے ایک عہدیدار کے ساتھ جو واقعہ ہوا، کوہاٹ میں کل جو واقعہ ہوا، آج مردان میں جو واقعہ ہوا اور ابھی ایک ایسی Sensitive جگہ پر جو کہ Red zone area میں آتی ہے، وہاں پر اگر یہ بلاسٹ ہوتا ہے اور وہاں پر فائرنگ ہو رہی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ فرقہ واریت اور دوسرے ہمسایہ ممالک کے ساتھ ہمارے جو تعلقات ہیں، ان کو خراب کرنے کیلئے اور جو ہم مذاکرات جناب سپیکر صاحب، اب جو ہے تو اب ہم نے حکومت نے اور اپوزیشن نے جو بات کی ہے، اب ہم نے ایک ہی Page پر آنا ہے اور میرا خیال ہے کہ اب وہ وقت آگیا کہ ہمیں وہ فیصلہ کر لینا چاہیئے کہ جس کی وجہ سے یہ تمام واقعات ہو رہے ہیں اور میرا خیال ہے کہ ہیلتھ منسٹر یہاں بیٹھنے کی بجائے فوراً ٹیلی فون پر ان سے رابطہ کریں تاکہ اگر کہیں خون کی ضرورت ہو، کہیں دوائیوں کی ضرورت ہو اور کہیں ایمرجنسی کی ضرورت ہو تو ان کو فوری طور پر جو ہے تو ہاسپٹلز میں، کیونکہ اس میں ہائی آفیشلز بھی ہو سکتے ہیں کیونکہ ایرانی قونصلیٹ جو ہے تو وہ مطلب ایسی جگہ ہے جہاں پر بہت رش بھی ہوتا ہے اور یہ جناب سپیکر، پہلے بھی ہم بتا چکے ہیں اس بات پہ کہ ایسی جگہوں پر جو چیزیں ہو رہی ہیں تو یہ بہت زیادہ نقصان دہ چیزیں ہیں جس کی پاکستان پیپلز پارٹی اس چیز کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور جناب سپیکر، ساتھ ایک اور بات کہ آج کے 'مشرق' میں اس کے حوالے سے بھی حکومت کی جو ہے تو اس میں ایک

خبر آئی ہے، وہ یہاں پر میں Quote نہیں کرنا چاہتی لیکن اگر 'مشرق' اخبار کو دیکھ لیں تو ایک ایسی پارٹی کو بھی Threats ملی ہیں کہ جو، اور اس میں ایک کے علاوہ پاکستان پیپلز پارٹی کو، ایم کیو ایم کو اور اتحاد بین المسلمین کے لوگوں کو بھی Threats، انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے فہرست مکمل کر دی ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، گورنمنٹ کے نالج میں آپ کے توسط سے لانا چاہتی ہوں کہ خدا کیلئے ابھی نہ ادھر سے نہ ادھر سے پوائنٹس سکورنگ کی بات نہیں ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، آپ کو جہاں پر جیسی بھی ہماری مدد کی اور ہمارے تعاون کی ضرورت ہوگی، ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن خدارا اب اس خطے کو باقی آگ سے، آگ سے جو ہے تو بچایا جائے اور ان لوگوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب شہرام خان (وزیر زراعت و انفارمیشن ٹیکنالوجی): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر شہرام ترکئی صاحب۔

وزیر زراعت و انفارمیشن ٹیکنالوجی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مهربانی سپیکر صاحب، اول خو انیسه زیب صاحبه چې کومې خبرې وکړې، حکومت طرف نه مونږ ټول بلکه دا ټول هاؤس ئې Condemn کوی چې کوم Incident شوے دے، پرون نه هغه بله ورځې شوی دی یا اوس کوم وشو۔ بله خبره دا ده جی صرف د انفارمیشن د پاره، هغه بله ورځ سراج صاحب چې څنګه وئیلی وو چې ټول به یو ځائې کښېنو او آئی جی صاحب به وی، د چیف منسټر په سربراهئ کښې د ټولو پارټو مشران به هم کښېنی، مشترکه یو بریفنګ به هم ورکړی، بیا به دوئ چې کوم دے خپل Valuable Input چې څوک ورکول غواړی او چې د چا سره څه تجاویز دی، نو هغه مونږ بیا لاړو، چیف منسټر صاحب سره د سیشن نه پس ما سراج صاحب مونږه ورسره خبره هم وکړه، هغوی Agree هم کړه، په دی Week کښې ان شاء الله نن به مونږ هغوی نه دغه وکړو چې کوم ورځ کښېنې وی، په دی Week کښې ټول چې کوم دے مشترکه به په هغې باندې به باقاعده آئی We will sit down جی صاحب به بریفنګ هم راکړی، هوم ډیپارټمنټ او بل خپل Valuable Input به هم ورکړو جی، د ټول انفارمیشن د پاره جی چې کوم دغه وی۔

محترمہ معراج ہمایون خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ معراج ہمایون صاحبہ، پلیز۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیرہ مهربانی سپیکر صاحب او دا خو ډیرہ ښه خبرہ دہ شهرام خان چې څنگه خبرہ وکړہ چې مونږ لاړو د چیف منسټر صاحب سرہ مو دغه وکړل خو هغه د سیشن نه پس دا دی څومره واقعې وشوې چې زمونږ یو د سر سړے رانه لاړو، ایډوکیټ صاحب په بونیر کښې، په مردان کښې واقعه وشوه، په کوهاټ کښې واقعه وشوه، نن دا دے د پیښور په مینځ کښې وشوه چې هغه زمونږه د ټولو لاره ده او دلته کښې چې دے نو مونږ ناست یو، مونږ به لا سوچ کوؤ چې په دې هفته کښې به چرته مونږ کښېنو او دا بریفنگ به کوؤ۔ گورنمنټ له پکار ده چې Strategy جوړه کړی، درې ورځې بحث کښې اوسه پورې لا Strategy نه ده راغلې۔ دوئ زمونږ نه غواړی چې تاسو مونږ له تجاویز راکړئ، تاسو اووایئ چې تاسو څه وکړل تر اوسه پورې او نور به مخکښې څنگه څه کوئ؟ مونږ ناست یو دغه شان مړی به راټولوؤ، کفنونه به جوړوؤ، هغه به کوؤ او دوئ به ناست وی، دوئ به سوچ کوی چې په کومه ورځ باندې راواوغواړو خلق؟ دا خو زما خیال دے ډیره د افسوس خبره ده او ډیره د شرم خبره ده ځکه چې مونږ کښیناستې نشو۔ دا پکار ده چې په ایمرجنسی کښې مونږ د خالی په ورځ باندې ناست وے، د جمعې په ورځ ماښام راهسې ناست وے او مونږ دا بریفنگ اود هر څه فیصله کړې وے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں تمام ممبران اسمبلی کی طرح جو یہ آج اور کل کے جو واقعات اور اس سے پہلے جو واقعات ہوئے ہیں، ان کی مذمت کرتا ہوں اپنی جماعت کی طرف سے اور بڑا افسوس اور دکھ ہے جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! کہ اسی طرح اگر ہم یہ دیکھتے رہے کہ امن خود بخود آئیگا اور اس کیلئے ہم اگر کچھ نہیں کریں گے تو یہ تو ہم صوبے کو واقعی تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارا ان لوگوں سے واسطہ ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ نہ ان کا کوئی دین ہے اور نہ ان کا کوئی مذہب ہے۔ ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ جی مذاکرات شریعت کی روح کے مطابق کئے جائیں تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب افغان طالبان کی قید میں ایک صحافی یہودی عورت چلی گئی تھی اور انہوں نے جو اسلامی

روح سے اس کے ساتھ سلوک کیا تو میرے خیال کے مطابق ساتویں دن اس نے اسلام قبول کر لیا تو کیا اسلام اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ ان کی قید میں جو 23 ہمارے ایف سی کے اہلکار تھے تو اسلام یہ کہتا ہے کہ ان کو قتل کر دو یا نبی پاک ﷺ کا یہ فرمان ہے؟ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ ہمارے مسلمان بھائی ہیں اور پاکستانی ہیں تو پاکستانی قانون کے مطابق انہیں مذاکرات کامیاب کرنے کی جس طرح حکومت کوشش کر رہی ہے، انہیں بھی حصہ لینا چاہیئے اور آج جو واقعات ہوئے ہیں جناب، میں صوبائی حکومت سے گزارش کرتا ہوں کہ مزید آنکھیں بند کرنے سے یہ صوبہ تباہ ہو جائیگا، خدارا اس کیلئے اقدامات کئے جائیں، یہ میری گزارش ہے اس حکومت سے۔ اگر ہم میٹنگز کرتے رہیں، شہرام صاحب نے کہا کہ ہم میٹنگ کریں گے تو یہ میٹنگ سے مسائل حل نہیں ہونگے، اقدامات کئے جائیں، ہم نے تجاویز بھی دی ہیں امن وامان کی صورتحال کے اوپر تو پھر بھی یہ کہا جاتا ہے جی کہ ہم سمجھتے تھے کہ اپوزیشن کوئی خاطر خواہ تجویز لائیگی، پتہ نہیں وہ کیسی تجویز ہوگی، جو ہم کسی جگہ سے انڈیا سے خرید کے لائیں، امریکہ سے خرید کے لائیں؟ تو جناب سپیکر صاحب، یہ سیریس نہیں ہے حکومت اس معاملے میں۔ میں ریکویسٹ کرتا ہوں آپ سے اور اس دن بھی میں نے کہا تھا کہ حکومت کی سب سے بڑی تعریف یہ ہے کہ اس سے لوگ ڈرتے ہیں، اس کی رعایا، چور چکار ڈاکو بدمعاش حکومت سے ڈرتے ہیں۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں، اس وقت کس سے لوگ ڈرتے ہیں؟ لوگ تو طالبان سے ڈرتے ہیں جناب سپیکر صاحب، حکومت کی Writ ہونی چاہیئے، ڈر حکومت کا ہونا چاہیئے۔ اس وقت یہاں صوبے میں تحریک انصاف کی حکومت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ تحریک انصاف نے اس، چھوڑ دیں آپ، جب مذاکرات کا وقت ہے، آپ کا نام مذاکرات کمیٹی میں ڈالتے ہیں، آپ اس سے بھی بھاگ جاتے ہیں، آپ کو چاہیئے، آپ ذمہ دار ہیں، آپ اس کی ذمہ داری کا احساس کریں اور مذاکراتی عمل میں کوئی نہ بھی کہے تو میں سمجھتا ہوں کہ صوبے کے اندر بسنے والی تمام جماعتوں کو اور تمام لوگوں کو اس میں حصہ لینا چاہیئے، جو جو کردار بھی ادا کر سکتے ہیں تاکہ آج یہ جو ہمارا صوبہ جل رہا ہے اس آگ میں، ہم سمجھتے ہیں کہ سارے کام ہمارے ہو جائیں گے، سکولز بھی بنیں گے، سڑکیں بھی بنیں گی، پانی بھی، تو سارے مسائل حل ہونگے لیکن یہ بنیادی مسئلہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے، حکومت سے زیادہ میں اپنی ذمہ داری سمجھتا ہوں اور حکومت کی بھی ذمہ داری ہے کہ خدارا یہ میٹنگز بہت ہوتی رہیں، پچھلے پانچ سال ادھر

مفتی کفایت اللہ صاحب دعائیں کرتے رہے اسمبلی میں شہداء کیلئے اور اب مفتی سید جانان صاحب کو آپ کہتے ہیں سپیکر صاحب! کہ دعا کرلیں، تو اس سے امن نہیں آئیگا سر، اس کیلئے کچھ، ٹھیک ہے کہ بہت بڑی قربانی اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب اور تحریک انصاف کے ایم پی ایز نے قربانیاں دیں، ان کو بھی ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سابقہ حکومت میں اے این پی کے منسٹرز صاحبان نے اور ان لوگوں نے جو قربانیاں دی ہیں، ان کو بھی ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو ایسی Awareness پیدا کرنی چاہیئے کہ اعتزاز حسن، اعتزاز حسن والا ہر کوئی Role ادا کرنے کی کوشش کرے، سب کو، آرمی کے نوجوان اور پولیس کے نوجوان اور فورسز کے نوجوان، ایسی Awareness ہو، آج جو ایک سوزوکی گاڑی میں جو ڈالڈے کے ڈبے میں بم رکھا گیا، تو ان چیزوں سے حکومت کو چاہیئے کہ اپنے ڈسٹرکٹ کے تمام افسران کو وہ ہدایات جاری کرے کہ وہ بھی Role play کریں اور ساتھ لوگوں میں بھی Awareness پیدا کریں تب جا کر اس کا مقابلہ ہم کریں گے اور ان شاءاللہ ان شاءاللہ یہاں پر حکومت کی Writ پورے ملک میں اور صوبہ خیبر پختونخوا میں بھی قائم ہوگی، شکست انہیں ہوگی اور ایسی شکست ہوگی کہ آئندہ یہ ایسا ظلم نہیں کرسکیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شکریہ جناب۔

راجہ فیصل زمان: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: راجہ فیصل زمان صاحب۔ راجہ فیصل زمان۔

راجہ فیصل زمان: سپیکر صاحب، میں یہ کہنا چاہتا ہوں، ایک تو آپ اسمبلی کا دیکھ لیں، صبح آٹھ بجے سے لوگ آتے ہیں اور رات کو دس بجے جاتے ہیں، ان بیچاروں کی کیا سیکورٹی ہے سر؟ کوئی چارسدہ جاتا ہے، کوئی صوابی جاتا ہے، ہمیں بھی اب کچھ اپنا Plan، کچھ سوچ کو چینج کرنا چاہیئے۔ سر، یہ لوگ بھی بیچارے جب گھر جاتے ہیں تو گھر والے ان کیلئے بھی پریشان ہوتے ہیں، آیا ہم رات کو جب نکلتے ہیں، وہ صحیح ہے؟ آیا یہ لوگ جو نکلتے ہیں، وہ صحیح ہے؟ ہم تو گورنمنٹ سے ریکویسٹ کرسکتے ہیں لیکن یہ لوگ تو نہیں بول سکتے ہیں، ان کو آپ رات کے بارہ بجے بھی بھیجیں گے، تب بھی یہ آئیں گے۔ میں آپ کو کہوں کہ نہ کوئی Employee safe ہے، نہ کوئی MPA safe ہے، ہمیں اپنی Strategy خود بنانا پڑے گی، ہمیں خود سوچنا پڑے گا کہ کیا چیز

ہمارے لئے بہتر ہے ؟ میں تو کہتا ہوں کہ ادھر Concept اپوزیشن کا ہونا ہی نہیں چاہیئے، ہم سب کو اکٹھے ہو کر چلنا چاہیئے، جھنڈے کسی کو نہیں چاہئیں، سب کو اکٹھا ہو کر چلنا چاہیئے، اس میں پوائنٹ سکورنگ کا ٹائم اب رہا نہیں ہے، جو وقت آرہا ہے، وہ ذرا اس سے بھی مشکل وقت آگے آرہا ہے۔ ہم سب کو ملکر چلنا چاہیئے، ہمیں اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کی بھی Safety دیکھنی چاہیئے، یہ نہیں کہ ہم لوگ Safe گھر پہنچ جائیں اور یہ بیچارے دس دس بجے، گیارہ گیارہ بجے گھر پہنچیں، ہمیں سب کا سوچنا چاہیئے سر، یہ ریکویسٹ ہے، ہمیں سب ایمپلائز کا بھی سوچنا چاہیئے اور اپنا بھی اور ساتھ جو باہر لوگ کھڑے ہیں، ان کا بھی سوچنا چاہیئے۔ مہربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اب Recently اس واقعے کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں، اپوزیشن کی طرف سے تو ہم مذمت ہی کر سکتے ہیں اور مزاحمت کیلئے تو بار بار ساری اپوزیشن کے ممبران جو ہیں وہ حکومت سے ریکویسٹ بھی کرتے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ دہشتگردی کی یہ جو نئی لہر ہے، دہشتگرد ہمیں Isolation میں لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایران جو ہمارا انتہائی تاریخی پڑوسی دوست ہے، بھائی ملک ہے، اسی طرح ساتھ چائنا ہے، اسی طرح ساتھ افغانستان ہے، میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو کوششیں ہیں، یہ جو حرکتیں ہیں، ایک طرف سے تو دہشتگردوں نے ہماری قوم کو تقسیم کیا ہوا ہے، ہمارے ملک کو تقسیم کیا ہوا ہے اور دوسری طرف اس طرح کے واقعات سے تو اس طرح لگ رہا ہے کہ بالکل ہمیں Isolation کی طرف لے جا رہے ہیں اور پھر مجھے اسی بات پہ بھی بڑا افسوس ہو رہا ہے کہ کوہاٹ کا کل کا جو واقعہ ہوا، یہاں سے ہمارے حکمرانوں کی طرف سے یہ جواب پھر آجاتا ہے کہ یہ قبائلی علاقے میں جو کارروائی ہوئی تھی، اس کا ردعمل ہے۔ ہم ریکویسٹ کرتے ہیں حکومت سے کہ کم از کم اس مسئلے کو سنجیدگی کی نظر سے دیکھنا چاہیئے۔ اب میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ وقت آگیا ہے کہ ان دھماکوں کیلئے اور ان واردات کیلئے جواز ڈھونڈنا اور ان کیلئے وکالت کرنا میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں

ہے اور جس طرح منسٹر صاحب نے کہا، اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ یہ صرف حکومتی ذمہ داری نہیں ہے، سب کی ذمہ داری ہے۔ یہاں پہ اعلان ہوا تھا کہ چیف منسٹر کی سربراہی میں پارلیمانی لیڈرز جو ہیں، ان کی ایک کمیٹی بنے گی اور ان کیلئے بیٹھے گی، میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ تین دن پہلے پنجاب کے چیف منسٹر نے، کہ پنجاب کو کس طرح Secure بنایا جائے اور شاید میرا اندازہ غلط نہ ہو، میرے خیال میں کوئی Two hundred billion انہوں نے ایلوکیشن کردی ہے اور جو جو راستے باہر سے آتے ہیں، ان کی پروٹیکشن کیلئے انہوں نے ٹھیک ٹھاک انتظامات کئے ہیں۔ اسی لئے ہماری صوبائی حکومت سے یہی ریکویسٹ ہوگی کہ صوبائی حکومت آگے آئے، اپنے اس صوبے کو محفوظ بنانے کیلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جواز کافی نہیں ہے کہ ٹرائبل ایریا میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس کا سارا اثر Definitely یہاں پہ ہوگا لیکن اگر ہماری دیواریں مضبوط نہیں ہونگی، Internally اگر ہماری کوئی سیکورٹی نہیں ہوگی تو پھر تو ظاہر ہے یہاں پہ سارا ملبہ جو ہے، وہ یہیں پہ پڑے گا اور لاشیں یہیں پہ گریں گی۔ لہذا ہم صوبائی حکومت سے یہی اپیل کر سکتے ہیں، یہی مطالبہ کر سکتے ہیں کہ Kindly وہ سارے کام چھوڑ کے صوبے کو Secure بنانے کیلئے اس کی نظر میں جو جو اقدامات عملی ہوں، جو جو اقدامات سنجیدہ ہوں، وہ اٹھانے میں مزید دیر کم از کم نہ کرے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر سلیم خان، پلیز۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آج جو واقعہ ہوا ہے، Really ہم سب کو بہت زیادہ اس پہ افسوس کرنا ہے، ایران جیسے دوست ملک کے قونصلیٹ میں جاکے یہ دھماکہ ہوا ہے اور Definitely اس میں بہت ساری Casualties بھی آئی ہونگی۔ سر، اسی سیشن میں ہم نے دو دن پوری بحث کی اسی لاء اینڈ آرڈر سیچویشن پہ اور Really ہم سب کا دل دکھتا ہے، چاہے کوئی حکومت میں بیٹھا ہو، چاہے کوئی اپوزیشن میں، اور سب مل کے سوچ رہے ہیں کہ کیا کیا جائے؟ اب یہ سلسلہ جو ہے، مذاکرات جب ہو رہے تھے تو ایک امید تھی کہ اس صوبے میں امن آئے گا مگر مذاکرات کے بھی کوئی 20 سے زیادہ دن ہو گئے۔ ایک طرف مذاکرات کی بات ہو رہی ہے، دوسری طرف سے یہ دھماکے آئے روز جاری ہیں اور آپ یقین کریں سر کہ آج کل کوئی بھی جگہ محفوظ نہیں رہی ہے، چاہے Red zone ہو، چاہے کوئی بھی علاقہ ہو اور خاصکر

یہ آپریشن کے بعد Definitely اور زور پڑے گا اس پشاور کے اوپر اور ہم جو تجاویز دے رہے تھے گورنمنٹ کو، ہم واقعی سنجیدہ ہیں اور فیصلے کرنا ان کے ہاتھ میں ہے اور پھر فیڈرل گورنمنٹ میں بھی ہیں، Again ہم ان سے یہی گزارش کر رہے ہیں کہ خدارا یہ جو سلسلہ چلتا آرہا ہے، اس کا جو بھی طریقہ کار ہو، چاہے مذاکرات سے ہوتا ہے یا آپریشن سے، میرے خیال میں مذاکرات کا جو سلسلہ تھا، وہ تقریباً ناکامی کی طرف چلا گیا اور حکومت کو ایک Bold step لینا چاہیئے، فیڈرل گورنمنٹ کو اس وقت ایک Bold step لینا چاہیئے۔ سر، جس طرح دھمکیاں مل رہی ہیں، آج کل ہر جگہ لوگ خوفزدہ ہیں خاصکر میں اپنے ضلع کی بات کروں گا کہ وہاں پہ صدیوں سے آباد ایک ٹرائبل ہے "کیلاش کمیونٹی" ان کو بھی باقاعدہ دھمکیاں مل چکی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اسماعیلی کمیونٹی کو بھی وہاں پہ دھمکیاں مل چکی ہیں تو اس کے علاوہ بہت سارے جو اس صوبے کے اندر جو Highprofile politicians ہیں یا حکومت کے اور اعلیٰ عہدوں پہ لوگ ہیں، سب کو لسٹ کیا گیا ہے اور سب کو ٹارگٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تو میرے خیال میں اس وقت حکومت کو بہت زیادہ سنجیدگی سے اس کے اوپر غور کرنا چاہیئے اور لوگوں کی زندگیوں کو Secure کرنے کیلئے کوئی جامع لائحہ عمل خاصکر ہماری صوبائی حکومت کو کرنا چاہیئے کہ جب تک ہم سنجیدہ نہیں رہیں گے تو یہ واقعات ہوتے رہیں گے اور ہم افسوس یہاں پہ کرتے رہیں گے اور یہ مطلب ہے کہ اس سے مسئلے کا حل نہیں ہوگا۔ لہذا میری حکومت میں بیٹھے ہوئے محترم دوستوں سے گزارش ہے، چیف منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ کوئی واضح پالیسی ان کی طرف سے آنی چاہیئے۔ Thank you so much۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: ډېره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ اول خو سر، یو دوه منته اخلم جی، اول خو زه چې په کوم ایرانی قونصلیټ باندې دا بلاسټ وشو، د دې پرزور مذمت کوم جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، نن مونږه خو هسې یو Statement، د تحریک انصاف چیئرمین عمران خان صاحب یو Statement ورکړے وو چې یره په دې حالاتو کښې به مونږه 'Wait and see' policy اپناؤو جی۔ زما د ګورنمنټ مخامخ منسټران صاحبان هم ناست دی جی، مونږ به د

کومه پورې 'Wait and see' کوؤ جی؟ او دا داسې وخت دے چې د 'Wait and see' خبره نه ده، یو فیصله به کوؤ یا یو طرف ته یا بل طرف ته جی۔ که داسې 'Wait and see' ګورو، دغسې به رانه راځی دهماکې به پکښې کیږی، پولیس افسران به پکښې مری، ایم پی ایز به پکښې مری، سرکاری نوکران به پکښې مری، عوام به پکښې مری او مونږ به 'Wait and see' policy کښې یو۔ شهرام خان خبره وکړه، دا مونږ به پکښې بالکل خپل تجاویز پیش کوؤ، خپل Input به پکښې پیش کوؤ او کم از کم فیصله دا د ګورنمنټ ده، دا اپوزیشن فیصله نشی کولې چې اپوزیشن به یو فیصله وکړی۔ که مونږ ډیر تجاویز پیش کوؤ، هغه فیصله خو ګورنمنټ نه منی، کم از کم ګورنمنټ له دې وخت کښې یو فیصله پکار ده، یو Stand اخستل پکار دی چې دا خاوره ده زمونږه او کم از کم دا زمونږه صوبه د دې اور نه بچ شی۔ ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا لطف الرحمان صاحب۔

مولانا لطف الرحمان: شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ سب سے پہلے تو ہم مذمت کرتے ہیں جمعیت علماء اسلام کی طرف سے اور جناب سپیکر، واقعات اگر ابھی ایرانی سفارتخانے پہ ہوا ہو یا ہمارے دوسرے واقعات ہوں، یہاں پہ جناب سپیکر، روز جب دن گزرتا ہے تو نئے نئے واقعات کے ساتھ ہمارا سامنا ہوتا ہے اور ہم مذمت کے الفاظ اسمبلی میں ادا کرتے ہیں۔ اب تو مذمت کے لفظ بڑے چھوٹے ہو گئے ہیں، ہمیں سمجھ بھی نہیں آتی کہ اس کو ہم Condemn کس طرح کریں، اس کی مذمت کن الفاظوں میں ادا کر سکیں جناب سپیکر؟ جناب سپیکر، پچھلے دنوں امن وامان کے حوالے سے اسمبلی میں بحث ہوئی، سب دوستوں نے اس پہ تجاویز بھی دیں، تقاریر بھی ہوئیں، تفصیلاً ہوئیں لیکن جناب سپیکر، ہم پھر وہی بات دہراتے ہیں، وہی بات کرنا پڑے گی کہ ہم دہشتگردی کی جنگ میں صف اول کا کردار ادا کرتے ہیں۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر! میں صرف ایک منٹ لوں گا، نماز کا ٹائم ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، میں کہہ رہا تھا کہ ہم دہشتگردی کی جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہے ہیں جناب سپیکر اور ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ اس جنگ میں ہمیں اس کو اپنی جنگ کے طور پر اپنی حکمت عملی طے کرنا ہو گی اور جب تک ہم دوسروں کے مفادات کیلئے حکمت عملی طے کریں گے تو ہم اس کو جیت نہیں سکتے۔ ہمیں اس کیلئے حکمت عملی بنانا ہو گی تو ہماری اپنی حکمت عملی ہونی چاہیئے جناب سپیکر اور اس حکمت عملی کے تحت ہی، اپنے مفادات کے تحت ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ ہم کس طرح حل کی طرف اس کیلئے جا سکتے ہیں اور میں نے پچھلے دنوں یہ بھی بات کی تھی کہ مذاکرات اپنی جگہ پہ ہو رہے ہیں اور جو طالبان کے ساتھ ہوئے ہیں، ہم نے کہا کہ Militants کے ساتھ بات ہونی چاہیئے تھی تاکہ اس میں تمام گروپس آ جائیں۔ اب وہ جو گروپس جو کارروائیاں نیچے کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں جی ہمارے ساتھ تو کوئی مذاکرات کی بات نہیں ہوئی لیکن بہر حال مذاکرات تو ہوں گے۔ ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ اس کے آپشنز اور بھی ہیں جو حل کی طرف لے جا سکتے ہیں، اس کی طرف جا نہیں رہے اور جو حل کی طرف نہیں جا رہا راستہ، اس پہ یہ چل رہے ہیں تو ہم سمجھتے ہیں، ہم نے پچھلے دنوں بھی صوبائی حکومت کو کہا تھا کہ آپ کے اس ایریا میں جو صوبائی حکومت کے نیچے آتا ہے اور ذمہ داری صوبائی حکومت کی بنتی ہے، اس کیلئے حکمت عملی طے کریں، بیٹھیں، سوچیں اور اس کا کوئی لائحہ عمل نکالیں تاکہ اس مسائل سے ہم نکل سکیں جناب سپیکر۔ شکریہ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وقفہ برائے نماز۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب شہرام خان (وزیر زراعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر شہرام خان ترکئی۔

وزیر زراعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی: مهربانی سپیکر صاحب. څنګه چې ما خبره وکړه سټارټ کښې چې یو خو کوم Activities، کوم دا زیاتے شوے دے Already مونږ Condemn کوؤ، ټول ئے Condemn کوی لګیا دی. د حکومت پوزیشن ورته مونږ کلیئر کړو، داسې نه ده چې حکومت دا شان ناست دے، پولیس

Already خپل کار کوی لګیا دے ، Different situations په Different times
کښې Build کیږی، د هغې د پاره هغه ټائم سره Strategy د هغې مسئلې
Handle کولو د پاره کیږی خو ما دوئ ته دا هم ریکویسټ وکړو چې کوم تجاویز
دوئ راکړی وو، هغه چې کوم دوئ نور راکول غواړی، زمونږ دا نه دی چې یره
Delay کول غواړو بلکه مونږ وایو چې دوئ مونږ سره، چونکه دا زمونږ جوائنټ
مسئله ده، د ټولو ده، د دې د پاره حکومت بالکل اوپن دے او حکومت ته بالکل
هغه Decision باندې چې کوم دے بنه Valuable input مونږ له راکړی، کوم
رائے مونږ له راکړی، مشوره راکړی، هغه به حکومت، پولیس ئے Adopt کوی
ان شاء الله او د هغې د پاره نن به مونږ بیا چې کوم دے نو، چونکه ډائریکټ د
آفسونه نه دلته راغلو، سی ایم صاحب سره خبره وکړو چې څومره زر وی سبا یا
بل ورځ په دې باندې میټنګ وشی او په اسمبلئ کښې به دلته یا کوم ځائې کښې
کیږی، مناسب ځائې به ورته اووائی نو اپوزیشن حکومت ټول به Jointly کښینی
او خپل Input به ورکوی۔ بله خبره دا ده جی چې مونږه بله ورځ هم وئیلی وو،
شاه فرمان صاحب هم وئیلی وو، مونږ هم وئیلی وو چې فیډرل ګورنمنټ ته مونږ
ریکویسټ کړے دے چې خپل پوزیشن کلیئر کړی، دا Ambiguity دا
Confusion ختم شی، Either you want to go this way or this way, you
have to choose او بل دا ټول د د ځان سره Onboard کړی چې کوم قسم
Strategy اپناؤل غواړی چې ټولې پارټیانې Onboard کړی، هغوی
Obviously خپل آرمی سره، خپلو خلقو سره ټول ولاړ دی، څوک د چا نه نه
وروستو کیږی، د ویرې یا د بل څه شی خبره خو نشته، خبره دا ده یو Decision
اخستل دی، د مشرئ په کرسئ هغوی ناست دی او د صوبې حوالې سره
Already Police involve دے لګیا دے۔ سراج صاحب ډیر ډیټیل سره هغه بله
ورځ په خپل تقریر کښې اووئیل چې دا دا Steps مونږ اخلو لګیا یو۔ پولیس د پاره
مختلف دغه روان دی خو چونکه د مشورې خبره ده چې مشترکه کښینی او خپل
Input ورکړی، هغه مونږ بیا یو پیره فلور آف دی هاؤس هغه خبره بیا کوؤ د
حکومت طرف نه چې مونږ به ټول Jointly کښینو، که سبا کښینو، که بله ورځ
کښینو چې څومره زر کیدے شی، مونږ به ورته وینا وکړو نن سی ایم صاحب ته،

مونږ ټول به ورپسې لاړ شو، مونږ به ورته اووايو سبا يا بله ورځ چې Time set کړی، مونږ به دوئ ته اووايو او جوائنټ به يو بل ميټنګ، کوم Inputs دوئ ورکړی دی، کوم دوئ نور ورکول غواړی چې مشترکه په هغې باندې يو فيصله وشی او مطلب دا دے چې يو دغه وشی۔ Action already مطلب دغه روان دے خو چې نور بهتر کيدے شی نو د ټولو جی مشترکه مسئله ده او مونږ د خپل دغه ورکړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ مسٹر شوکت یوسفزئی، پلیز۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں صرف ایوان کو تھوڑا مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ جو ابھی خودکش حملہ ہوا ہے، وہ ایرانی قونصلیٹ کے باہر ہوا ہے اور ایک کار میں ایک شخص آیا ہے، یہ حملہ آور اور وہ شاید Enter ہونے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہاں پہ جو موجود ایف سی اہلکار تھے ہمارے، انہوں نے اس کو روکا اور جونہی روکا تو اس نے اپنے آپ کو خود بلاسٹ کر دیا، تو اس میں نو افراد کو خیبر ٹیچنگ ہسپتال لایا گیا تھا، اس میں دو جو ایف سی اہلکار ہیں، وہ شہید ہوئے ہیں اور دو کی حالت سیریس ہے جس میں سے ایک کو ہم نے ابھی شفٹ کر دیا ہے ایچ ایم سی، اس کی فوری نیورو سرجری کی ضرورت تھی تو وہاں اس کی Specialty زیادہ اچھی تھی، لہذا ہم نے ان کو وہاں شفٹ کر دیا ہے اور جتنے زخمی ہیں، ان کا ان شاءاللہ علاج ہو رہا ہے اور جس طرح شہرام صاحب نے کہا، میں اس پہ طویل بات نہیں کرنا چاہتا لیکن اب چیزیں کلیئر ہونی چاہئیں کیونکہ یہ صوبہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے۔ اگر کہیں پہ کوئی آپریشن ہو رہا ہے، جو بھی ہو رہا ہے تو اس کا جو Fallout ہے، وہ اس صوبے پہ اس کا ہو رہا ہے اثر اور لوگ ظاہر ہے اگر ہنگو ہوا یا وزیرستان ہوا یا کوئی اور خیبر ایجنسی ہے تو جو بھی ہے میرے خیال سے وفاقی حکومت کو ان چیزوں کو چھپانے کی بجائے حکومت کو اپنے اتحادیوں کو، اپنی جو قومی لیڈر شپ ہے میرے خیال سے ان کو اعتماد میں لینا چاہیئے تاکہ جو صوبہ اس کے بعد جو Suffer ہو گا یا جو ہم نے دیکھا ہے، ملاکنڈ کا ایشو ہم نے دیکھا ہے، اتنے سارے لوگ آئی ڈی پیز آ گئے، تو شاید یہاں سے بھی یہ سلسلہ شروع ہو جائے گا لیکن یہ ہے کہ اس سے پہلے حکومت ہمیں اعتماد میں لے کہ صوبائی حکومت کا کیا Role ہے اور ان کا کیا Role ہو گا؟

کیونکہ ابھی یہ چیزیں جتنی خفیہ رکھی جائیں اور قوم کو حقیقت نہ بتائی جائے تو میرے خیال سے یہ بہت بڑی زیادتی ہوگی۔ شکریہ۔

## صوبے میں ترقیاتی اور لوکل گورنمنٹ فنڈز کی تقسیم پر بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر 5 ہے: صوبے میں ترقیاتی اور لوکل گورنمنٹ فنڈز کی تقسیم پر بحث، اس کیلئے میں جناب مولانا لطف الرحمان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ آغاز کریں، اپنی بحث کا۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، آج ہمارے، جو اجلاس Requisite کیا گیا تھا اپوزیشن کی طرف سے، اس کا ایجنڈا، اس کی دوسری شق ہے " صوبے میں ترقیاتی فنڈ کے حوالے سے اور لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے"، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، ہمیں تو توقع تھی تحریک انصاف سے کہ ان کا سب سے بڑا نعرہ جو تھا، وہ انصاف کا تھا کہ جو پچھلی حکومتیں گزری ہیں، ان حکومتوں کے دوران تو ناانصافیاں ہوئی ہیں، ظاہر ہے کہ انہوں نے کوئی عدالت کی کرسی پہ بیٹھ کر کوئی Judgement نہیں دینا تھی بلکہ حکومت کے چلانے میں اور اداروں کو چلانے میں انصاف مہیا کرنا تھا، تو پچھلی حکومتوں پہ تو یہ اعتراضات تھے کہ انہوں نے انصاف نہیں کیا فنڈ میں، زیادتیاں ہوئی ہیں اور جو تلخ تجربات، چیف منسٹر صاحب کی پچھلی تقاریر میں ہم نے سنا کہ جی ہمیں تو سرے سے Ignore کیا گیا، ہمیں فنڈ نہیں ملا اور اپنے بھائی کا ذکر کیا، اس طرح اکا دکا ذکر انہوں نے کیا کہ ان ایم پی ایز کے ساتھ ان حکومتوں کے دوران یہ زیادتی ہوئی کہ ان کو اس کے حلقے کیلئے فنڈ نہیں ملا۔ جناب سپیکر، ہم تو سمجھتے ہیں کہ تلخ تجربات سے نتائج جو آنے ہیں، وہ کوئی مثبت نتائج آنے چاہئیں۔ جناب سپیکر، ہمیں توقع تھی کہ اس نعرے سے آنے والی حکومت، وہ انصاف قائم کرے گی، اس حوالے سے کہ علاقوں میں فنڈ کی تقسیم ہو، ڈسٹرکٹ لوکل گورنمنٹ کا جو فنڈ ہے، اس کی تقسیم کے حوالے سے کوئی انصاف ہوگا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ پچھلے تجربات سے فائدہ نہیں اٹھایا گیا اور ہم سمجھتے تھے کہ وہ کوئی Positive response ملے گا حکومت کی طرف سے اور جیسا کہ پہلی تقاریر میں انہوں نے کہا بھی ہے کہ ہمارے لئے ایم پی ایز جو ہیں، وہ Equal ہوں گے اور ان کے حلقہ جات اس صوبے کا حصہ ہیں۔ وہ عوام جو ہیں، اس صوبے میں رہتے ہیں اور آپ کی حکومت اس صوبے کے عوام پر ہے تو ہم اس علاقے کو ڈیویلپمنٹ کے حوالے سے Actual طور پہ وہ اس کو

تصور کریں گے اور اس پہ جو ہے، انصاف ہو گا۔ جناب سپیکر، اب اپوزیشن کی طرف سے یہ نکتہ اٹھانا، ظاہر ہے آٹھ مہینے گزر گئے اور اس میں جو ناانصافیاں ہو رہی ہیں، وہ آپ کے سامنے جناب سپیکر! رکھنے ہیں اور اس ہاؤس کے سامنے ہم نے رکھنے تھے۔ جہاں تک صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات ہیں اور ان کو جو ترقیاتی فنڈ ملنا تھا جناب سپیکر، اس میں جو اپوزیشن کے لوگ ہیں، مجھے سارا معلوم نہیں ہے کہ کس کس کو کتنا اس کے حلقے کیلئے فنڈ ملا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ دو کروڑ روپے فنڈ ملا ہے اپوزیشن کے اراکین کو اور جو ایک کروڑ کی بات ہو رہی ہے، وہ ابھی ہوا میں ہے، اس کے بعد بھی کہ روڈز کی اس مد میں ایک کروڑ روپے اپوزیشن کے لوگوں کو ملیں گے لیکن جناب سپیکر، حیرانگی یہاں ہوتی ہے، اگر پچھلی حکومتوں میں ایم پی ایز کے حلقوں کو فنڈ ملا ہے تو تناسب کو آپ دیکھیں تو اگر ایک کروڑ ہر ایم پی اے کو ملا ہے تو حکومتی ارکان کو شاید ڈیڑھ کروڑ ملا ہو، اور یہ کوئی فرق ہو گا اس میں جو پچھلی حکومتوں میں ہوا ہے لیکن تقریباً تمام ممبران کے حلقوں کو وہ فنڈ ملا ہے۔ لیکن اس وقت دو کروڑ اور سات کروڑ تو کوئی تناسب مجھے سمجھ نہیں آ رہا، یہ انصاف کی بات مجھے سمجھ میں نہیں آ رہی کہ آخر ان کے حلقوں میں لوگ رہتے ہیں، اس صوبے کے وہ عوام ہیں اور جن حلقوں سے اپوزیشن کے لوگ کامیاب ہوئے ہیں تو ان کے عوام اور ان کا علاقہ اور وہ شاید اس صوبے کے اس میں نہیں آتے اور حساب کتاب میں اور انصاف میں وہ ان کا حق اتنا ان کا نہیں بنتا جتنا کہ حکومتی ارکان کے حلقوں کا بنتا ہے تو جناب سپیکر، ہمیں آپ کے توسط سے یہ بات کرنی ہے اور ہمیں یہاں اسمبلی میں یہ بات کرنا اور جو اپوزیشن کے لوگ ہیں، ان کے حلقے، آپ کے ہی عوام ہیں، آخر اپوزیشن کی وجہ سے ان حلقے کے عوام سے دشمنی ہمیں سمجھ میں نہیں آ رہی اور اس سے انتقام لینا، یہ ہمیں سمجھ میں جناب سپیکر، نہیں آ رہا۔ تو ہم سمجھتے ہیں کہ ٹھیک ہے کہ اضافی رقم آپ اس علاقے کیلئے مختص کریں، حکومت اور اس ایم پی ایز کے حلقوں کیلئے جو حکومت سے ہیں لیکن تناسب میں تو کچھ فرق آپ ڈالیں، کوئی انصاف کے برابر تو لے آئیں کہ ہم کہہ سکیں کہ ہاں تھوڑا سا پلڑے میں فرق ہے، اس کو ہم بھی سمجھ لیں گے کہ ٹھیک ہے حکومتی ارکان کا تھوڑا سا پلڑا بھاری ہے اور اس کو زیادہ ملا ہے، ہم بھی گزارا کر لیتے اور سمجھتے کہ اپوزیشن کے لوگوں کے جو حلقے ہیں، ان کو فنڈ ملا ہے لیکن اتنا نہیں ملا جتنا حکومتی، لیکن کوئی تناسب تو ہونا چاہیئے جناب سپیکر! تو مجھے وہ تناسب نظر نہیں آ رہا ہے۔ جناب سپیکر، ہمیں آپ سے توقع ہے اور حکومت سے بھی یہ گزارش

کرتے ہیں کہ آخر اس کو تھوڑا سا آپ بیلنس کریں اور اس لیول پر لے آئیں کہ اپوزیشن کے ارکان اپنے حلقوں میں جاتے ہیں، چھوٹے چھوٹے مسائل ہوتے ہیں اور ان کی توقع ہوتی ہے کہ ان کو ہم نے ممبر بنا کے اسمبلی میں بھیجا ہے اور اس سے ہمارے وہ مسائل بھی، چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں، وہ ہمارے حل ہوں گے۔ تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ اس لحاظ سے آخر آٹھ مہینے گزر گئے ہیں اور ڈیویلپمنٹل جو ہمارا بجٹ جو ہے سالانہ، مجھے اس پہ بھی کوئی انصاف نظر نہیں آرہا اور کہیں پہ تو روڈ کا سیکٹر آپ دیکھیں تو کلومیٹر کے حساب سے اس کی تعداد معلوم نہیں، کچھ حلقے ایسے ہیں کہ انہیں سرے سے روڈ مل ہی نہیں رہا، کیا یہ روڈ اس حلقے کی ضرورت نہیں ہے، اس عوام کی وہ ضرورت نہیں ہے کہ ان کو روڈ نہ ملے؟ اسی طرح دوسری سکیمیں، ان کا کوئی پتہ نہیں چل رہا، چاہے سکولز ہیں، اپ گریڈیشن ہے، چاہے ٹیوب ویل کے حوالے سے ہے، جس ڈیپارٹمنٹ کو بھی آپ لیں، اس کے ڈیویلپمنٹل فنڈ کا جو تقسیم کا سلسلہ ہے، وہ ہمیں ابھی تک سمجھ میں نہیں آیا کہ آخر کس طریقے سے وہ ہو رہا ہے اور نہ ہی یہ ہمیں پتہ چل رہا ہے کہ آیا ہمارا بجٹ، جون آنے والا ہے، اس وقت تک کیا یہ فنڈز جو مختص کئے گئے ہیں، وہ خرچ ہو بھی سکتے ہیں کہ نہیں ہو سکتے؟ تو جناب سپیکر، ہمیں بھی اندھیرے میں رکھا ہوا ہے، ہمیں ذرا بتائیں تو سہی، پتہ تو چلے کہ آخر جو ادارے ہیں اور انہوں نے یہ سال گزارنا ہے 14-2013 کا اور جون تک انہوں نے اخراجات کرنے ہیں، اس کا کوئی ہمیں معلوم نہیں ہے، اس وقت تک تو تقریباً تیسرا کوارٹر بھی ختم ہونے کو ہے اور آخری مہینوں میں چوتھا کوارٹر چل رہا ہوتا ہے، ہمیں یہ نہیں پتہ کہ پہلا کوارٹر بھی چلا ہے کہ نہیں چلا؟ تو جناب سپیکر، یہ اس طریقے سے ہم کیا عوام کو مطمئن کر سکیں گے؟ تو ایک تو جناب سپیکر، اس حوالے سے بات کی۔ دوسری بات یہ تھی کہ ڈسٹرکٹ کونسل کا فنڈ، جناب سپیکر! وہاں بھی انصاف کا، میں سمجھتا ہوں کہ وہاں تو سرے سے مجھے کوئی اپوزیشن کے ارکان کو فنڈ دینے کا کوئی وہ سمجھ ہی نہیں آرہا ہے کہ کسی کو ملا بھی ہے کہ نہیں ملا؟۔۔۔۔

<u>سید محمد علی شاہ:</u> نہیں ملا۔

<u>مولانا لطف الرحمان:</u> تو میرے تو پیچھے سارے اپوزیشن کے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، تمام پارٹیوں کے لوگ بیٹھے ہیں، جن جن اضلاع سے ہمارے ان ممبران کا تعلق ہے تو ڈسٹرکٹ کونسل کے فنڈ سے سرے سے محروم کیا گیا ہے اور ان کو ہدایات جاری کی گئی ہیں، وہاں کی انتظامیہ خود کہتی ہے کہ ہمیں ہدایات ملی ہیں اوپر

سے کہ ان ارکان کو آپ نے اس فنڈ میں شامل نہیں کرنا، سرے سے ان سے بات ہی نہیں کرنی اور نہ ہی آپ نے ان سے پوچھنا ہے۔ تو آخر جناب سپیکر، آپ مجھے بتائیں، میں تو صرف اپنے ضلع کے فگرز بتا سکتا ہوں، تمام اراکین بیٹھے ہیں، ان کے ساتھ یہ زیادتی پورے ہر ڈسٹرکٹ میں ان کے ساتھ ہوئی ہے، میں اپنے ضلع کی بات کروں گا جہاں پہ ڈسٹرکٹ کونسل کے فنڈ کی مد میں چار کروڑ روپے جناب سپیکر، اور چار کروڑ میں سے مجھے جو تفصیلات ملی ہیں یا مجھے جو معلومات ملی ہیں، اس میں کوئی 50 لاکھ ایم اینڈ آر کے فنڈ میں ہے اور کوئی 45 لاکھ صفائی کے حوالے سے ہیں اور 50 لاکھ ہمارے لوکل گورنمنٹ کے منسٹر کی ہدایات پر وہاں فنڈ خرچ ہوا ہے، اس کیلئے کوئی ٹینڈر کیا گیا ہے اور بقایا جو رقم ہے جناب سپیکر صاحب، وہ تین ایم پی ایز کے ذریعے تقسیم ہونا ہے اور میرے ڈسٹرکٹ کا جو حال ہے، وہ میں بتانا چاہتا ہوں اور اس میں جناب کلاچی کا حلقہ آتا ہے، سردار صاحب کا، اس میں سمیع اللہ خان علیزئی کا حلقہ آتا ہے اور اس میں ریونیو کے منسٹر کا حلقہ آتا ہے کہ اس میں تو یہ پیسے آپ نے Equal تقسیم کرنے ہیں۔ بقایا ہدایات یہ ہیں کہ کسی سے پوچھنا بھی نہیں ہے کہ ان کو اس فنڈ میں کوئی حصہ دینا ہے۔ تو ہمارے پانچ حلقے ہیں، یہ ہمارے ضلع کی لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے جو فنڈ کی تقسیم کی بات ہے، یہ جناب سپیکر! یہاں پہ آپ کو میں نے یہ تفصیل بتائی ہے اور یہ اس اپوزیشن کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہیں، ان کے حلقوں کے عوام کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ انہوں نے کیا زیادتی کی ہے حکومت کی کہ ان حلقوں میں ترقیاتی فنڈز ہم نے نہیں خرچ کرنے؟ تو یہ ہماری گزارشات ہیں اور یہ ہمارے تمام ممبران کا مسئلہ ہے، ان کے تمام اضلاع میں یہ مسئلہ ہو رہا ہے تو آپ ذرا جناب سپیکر، اپنی حکومت سے یہ بھی پوچھیں کہ آخر انصاف کے حوالے سے ہمیں یہ بتایا جائے کہ کیا یہ فنڈ انصاف کے طریقے سے تقسیم ہوا ہے یا پھر یہ صرف ایک نعرہ تھا عوام کے سامنے انصاف کی بات کرنے کا، عملاً اس پہ کوئی عمل نہیں کرنا، تو پھر تو ٹھیک ہے جناب سپیکر۔ تو یہ ہماری گزارشات تھیں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس طرح Ignore نہیں کئے جا سکتے اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ قانونی طور پر بھی ہمارے دوسرے دوست وہ بتائیں گے آپ کو کہ اس حوالے سے بھی جواز نہیں بنتا کہ لوکل گورنمنٹ کا فنڈ اس انداز میں تقسیم ہو اور دوسرے ایم پی ایز کو بالکل Ignore کیا جائے اور صرف اپنی مرضی پہ فنڈ کی تقسیم ہو۔ تو یہ ہماری گزارش ہے جناب سپیکر کہ اس کیلئے کوئی لائحہ عمل آپ کی طرف سے طے ہونا چاہیئے کہ

حکومت اس پہ کوئی لائحہ عمل طے کرے اور اس کا باقاعدہ کوئی طریقہ ہو اور اس طریقے سے ان کے حلقوں میں وہ تقسیم ہو جناب سپیکر۔ تو یہ بات تھی جناب سپیکر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! لږ توجه غواړو جی، سپیکر صاحب! لږه توجه غواړو جی۔ ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

سید محمد علی شاہ: د فنډز په حواله خو مولانا صاحب ښه په تفصیل خبرې وکړې جناب سپیکر صاحب، زه هم یو څو خبرې کول غواړم۔ جناب سپیکر، زمونږ دا پختونخوا اسمبلی چې کوم ده، د دې خپل روایات دی۔ کله مونږ به په اپوزیشن کښې ناست یو کله به په ټریژری بنچز باندې ناست یو خو یو خبره کوم چې په تیر ګورنمنټ کښې مونږه په هغه بنچز ناست وو او دلته ډیر داسې ممبران دی چې هغوی په اپوزیشن بنچز باندې ناست وو او نن هم هغه اراکین په هغه بنچز ناست دی او مونږ نن دلته په اپوزیشن بنچز باندې ناست یو خو تیر ګورنمنټ کښې جناب سپیکر صاحب، ټهیک ده داسې یو کیس نیم به پکښې راغلے وی څنګه چې مولانا صاحب خبره وکړه خو د اپوزیشن Concept پکښې ختم شوے وو۔ نن لودهی صاحب دا دے ناست دے، تیر ګورنمنټ کښې هغه په اپوزیشن بنچز باندې ناست وو، لودهی صاحب ګواه کوم چې بحیثیت اپوزیشن ممبر د ده حق چا نه دے خوړلے نو جناب سپیکر صاحب، زمونږ د پښتنو یو خپل روایات دی، پنجاب اسلبی یا بلوچستان اسمبلی یا سندھ اسمبلی د هغوی خپل روایات دی، شکر الحمدلله زمونږ څنګه چې د ګورنمنټ بنچز منسټران، سی ایم صاحب هغوی په اولنی سپیچز کښې دا خبره کړې ده چې مونږ به په فنډز کښې منصفانه تقسیم کوؤ خو نن زه یو څو مثالونه جناب سپیکر صاحب، په هر هیڅ کښې ورکوم۔ نن ایجوکیشن کښې که مونږ وګورو صرف یو پرائمری سکول مونږ ته ملاؤ شوے دے، نن که د کمرو خبره زه وکړم په ایجوکیشن سکولونو کښې زما په خیال پینځه کمرې مونږ ته ملاؤ شوې دی او داسې ډسټرکټس جناب سپیکر صاحب،

پکښې شته چې د هغه زه ثبوت سره دا خبره کوم چې سو سو کمرې په یو یو ډسټرکټ کښې تقسیم شوې دی نو زه تاسو نه دا تپوس کوم چې چرته په یو ډسټرکټ کښې سو کمرې تقسیمیږی او په یو ډسټرکټ کښې شپږ اووه کمرې تقسیمیږی نو دا منصفانه تقسیم دے ؟ نن که واټر سپلائی سکیمز ته وګورو جناب سپیکر صاحب او شکر الحمدلله نن هغه طرف او دا طرف تقریباً بیلنس دے ، دا نیمه اسمبلی ده، نیمه صوبه دې طرف ته ناسته ده۔ جناب سپیکر صاحب، دا یواځې د ایم پی اے حق خوړل نه دی، دا د نیمې صوبې حق خوړل دی۔ جناب سپیکر صاحب، که نن ټهیک ده هلته 60، 70 کسان ناست دی، 50، 55 کسان دلته ناست دی نو چې کوم کښې زه خبره کوم، که مولانا صاحب خبره کوی، که دا نور ممبران صاحبان خبره کوی، هغه د خپلو حلقو د پاره، د خپل عوامو د پاره جناب سپیکر صاحب، چا د ذاتی مفاد د پاره دلته خبره نه ده کړې او دا ډبل سټینډرډ پکار نه ده چې مونږه ئے اپناؤ کړو؟ یا خو صفا خبره د کوی حکومت چې اپوزیشن له مونږه فنډ نه ورکوؤ، اپوزیشن د خپل کار کوی خو چې یو طرف ته د انصاف خبره کیږی، د منصفانه تقسیم خبره کیږی نو پکار ده چې دې هاؤس کښې چې یو سړے خبره وکړی، کم از کم هغه خبره Honour کول پکار دی جناب سپیکر صاحب۔ نن په واټر سپلائی سکیمز کښې جناب سپیکر صاحب، داسې حلقې شته، تاسو به خپل کوهاټ ډسټرکټ واخلئ، منور خان ناست دے ، لکی کښې د دوئ په ډسټرکټ کښې داسې ځایونه شته چې سړی او ځناوران په یو ځائې اوبه څښکی جناب سپیکر صاحب! خو دا دے مخامخ ناست دے ، اپوزیشن والا له یو واټر سپلائی سکیم هم اوسه پورې نه دے ملاؤ شوے ، نو اخر دا د کوم ځائې انصاف دے ؟ مونږ به د چا نه دا تپوس کوؤ او بار بار درته دا خبره کوؤ چې یره دا مونږ د ذاتی مفاد د پاره خبره نه کوؤ۔ اوس یو ځائې کښې د څښکلو د اوبو سکیم نشته، یو ځائې کښې د عوامو د پاره اوبه نشته نو کم از کم دې ته د ګورنمنټ نه ګوری چې یره دا اپوزیشن بنچز باندې ناست دی، کم از کم هغه عوامو ته د خلق ګوری، هغه ځائې ته د ګوری او دوئ بار بار دا خبره کوی چې دا په Need basis باندې مونږ ورکوؤ، نن داسې ځایونه شته چې هلته د څښکلو اوبه نشته، هلته دا د هغه ځائېNeed نه دے جناب سپیکر صاحب؟ نو پکار ده

Need basis چې کوم ځائې کېښې Need basis باندې وی، پکار ده چې هم هغه باندې هغوی تقسیم کوی د فنډونو۔ روډز کښې جناب سپیکر صاحب، داسې ډسټرکټس شته چې هلته زما په خیال زمونږ اپوزیشن ته ایک ایک کروړ روپئ مونږ ته ملاؤ شوې دی او پانچ سو کلومیټر، ساړهې پانچ سو کلومیټر روډ په اے ډی پی کښې راغلے دے، نوے سکیم دے، په پانچ سو کلومیټرو کښې مونږ ته صرف په یو کروړ روپئ فی کلومیټر ملاؤ شوې دی، د دې نه دا جوړیږی چې کم از کم مونږ ته پچاس پچپن کلومیټره روډ ملاؤ شوے دے او ساړهې چار پانچ سو کلو میټر روډ ګورنمنټ پخپل مینځ کښې تقسیم کړے دے، دا منصفانه تقسیم دے جناب سپیکر صاحب؟ نن که مونږ هیلتھ کښې وګورو، هیلتھ کښې خو زما په خیال چې نوے سکیم نه شروع شوے دے، کیدے شی چې حکومتی بنچز ته هم هیلتھ کښې اوسه پورې دغه نه دے ملاؤ شوے نوے سکیم، نه ډسپنسریانې شته، نه پکښې بی ایچ یوز شته، نه پکښې آر ایچ سیز شته، بس زما په خیال یو څو هسپتالونو له ئے د دوایانو د پاره پیسې ورکړې دی خو هیلتھ کښې زما په خیال چې نوے سکیم تر اوسه پورې یو هم نه دے دغه شوے۔ جناب سپیکر صاحب، مولانا صاحب د ډسټرکټ ګورنمنټ خبره هم وکړه، ډسټرکټ ګورنمنټ کښې همیشه د پاره داسې شوی دی چې کومې حلقې، تیر ګورنمنټ کښې هم مونږه پاتې شوی یو، هغې کښې هم دا شے نه دے شوے چې ډسټرکټ ته به پیسې لاړې، هغه به Per MPA distribute کیدې، ټهیک ده د منسټر صاحب به پکښې خپل یو شیئرز وو، په هغې باندې ټهیک ده مونږ دا دغه نه کوؤ، بحیثیت یو منسټر ده ته حق دے خو کم از کم د ایم پی ایز هم د هغې علاقې څه حق شته۔ جناب سپیکر صاحب، منسټر صاحب مخامخ ناست دے، دوئ د پکښې خپل شیئرز که اخلی نو وادیخلی، ګنې دا هم ورته مونږ ریکویسټ کوؤ چې یره ایم پی ایز ته، د هغه قوم ته، د هغه علاقې ته د فنډ د لګیدو ضرورت شته، د واټر سپلائی سکیم ضرورت ورته شته، د کمرو جوړولو ضرورت ورته شته، د روډونو جوړولو ضرورت ورته شته او شکر الحمدللّٰه دوئ سره پخپله As a Government Minister هم دوئ سره خپل فنډز پوره دی، زما دا یو ریکویسټ دے، یو تجویز دے چې ډسټرکټ ګورنمنټ فنډ چې څومره دے، پکار دے چې هغه په هر ایم پی اے Equal

distribute شی۔ نو جناب سپیکر صاحب، زه په اخر کښې هم دا خبره کول غواړم چې گورنمنټ د یا دا خبرې نه کوی چې منصفانه تقسیم به کوؤ او پکار ده چې که فرض کړه دا خبره په اسمبلئ کښې دوئ کوی چې څنگه مولانا صاحب وکړه چې په اولنی سپیچ کښې سی ایم صاحب، منسټرانو صاحبانو هر ځائې کښې دا خبره کوی، که په پریس کانفرنس کښې وی، که په ټاک شو کښې راځی، هغوی هر ځائې دا خبره کوی چې مونږ کم از کم په دې صوبه کښې به منصفانه تقسیم کوؤ۔ نو زما گورنمنټ ته دا ریکویسټ دے چې دا ورته ما هر څه اوښودل، که دا منصفانه تقسیم وی خو تاسو فیصله وکړئ او که نه منصفانه تقسیم نه وی نو پکار ده چې گورنمنټ خپلې خبرېHonour کړی۔ ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ سردار حسین بابک صاحب۔ سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زما نه مخکښې مولانا صاحب هم خبرې وکړې او محمد علی شاه هم خبرې وکړې او د دې اجلاس که یو طرف ته یو ډیره اهم نکته د لاء اینډ آرډر وه نو بیا دا اووه نور نکات چې وو، دا هم زمونږ د ټولو اپوزیشن په نظر کښې ډیر زیات اهم مونږ گڼړل او سپیکر صاحب، زمونږ د پاره هم دا یو فورم دے چې دا دې ځائې کښې څومره نمائندگان منتخب ناست دی، هغوی د خپلو حلقو یا د خپلو حلقو د مسئلو نمائندگی چې ده، هغه په دې فورم کښې کولې شی۔ سپیکر صاحب، مونږ که په دې ټوله صوبه کښې وگورو چې Direct elected constituencies دی نو هغه 99 دی او د نن وخت په حساب سره 53 کسان داسې دی، ملگری چې هغه په اپوزیشن کښې ناست دی او ظاهره خبره ده چې دا 53 نمائندگان چې دی، دا باید چې په تعداد کښې53 وی خو که د آبادئ د تناسب په حواله باندې مونږ وگورو نو دا د صوبې د نیمې آبادئ نه د سیوا آبادئ نمائندگی کوی او بیا سپیکر صاحب، څه رنگ چې زما نه مخکښې ذکر وشو چې دا فورم چې دے، دا جرگه چې ده، دلته لیډر آف دی هاؤس هم وی، دلته لیډر آف دی اپوزیشن هم وی، لیډر آف دی هاؤس سره هم خپل Allied چې کوم پولیټیکل پارټیز دی یا فورسز دی، هغه ورسره شامل وی او لیډر آف دی اپوزیشن سره هم Allied یا

مخلوط اتحادی جماعتونه چې وی، هغه موجود وی او سپیکر صاحب، په دې فورم باندې که د حکومت یو غړے خبره کوی یا په دې فورم باندې د اپوزیشن یو غړے خبره کوی نو په هر وخت کښې د دې اسمبلۍ ریکارډ چې دے، دا په دې اسمبلۍ کښې دلته پروت وی. زه ډیر په بخښنې سره او ډیر په افسوس سره دا خبره کوم چې دا اولنۍ اسمبلی ده چې د ابتداء نه یا د بسم الله نه د دې صوبې نن نیمه آبادی چې ده، نیمه آبادی، هغه زه نه پوهیږم چې د هغې په شا باندې حکومت نیت څه دے، د حکومت اراده څه ده؟ هغه ئے بالکل د بسم الله نه دیوال سره ولګول. زه که تاسو ته د هغه Annual Development Plan یا د هغه Annual Development Programme خبره وکړم نو که مونږ په روډ سیکشن کښې وګورو، د اپوزیشن ملګرو ته یو یو کروړ روپۍ ملاؤ شوې او د حکومت ملګرو ته درې درې کروړه او څلور څلور کروړه او د هغې نه سیوا هغوی ته ملاؤ شوې. سپیشل چې کوم پیکج وو، د اپوزیشن ملګرو ته یو یو کروړ روپۍ ملاؤ او هغوی ته څلور څلور او پینځه پینځه کروړه روپۍ ملاؤ شوې. داسې چې په سالانه ترقیاتی پروګرام کښې کوم سکیمونه Reflect وو، هم په دغه Ratio باندې که تاسو لاړ شئ نو تر ډیره حده پورې د اپوزیشن چې کوم اراکان دی یا غړی دی، هغه نظرانداز شو او حکومت ته هغه پیکج چې دے، هغه ملاؤ شو. سپیکر صاحب، دویم اړخ ته چې مونږ راشو چې په دې صوبه کښې پینځویشت ضلعې دی او په هره ضلع کښې چې که ټی ایم ایز دی یا که ډسټرکټ کونسلز دی یا که U/Cs دی، هغوی چې څومره ریونیو جنریټ کوی، دا که هلته میلې دی، دا که هلته اډې دی یا څه داسې ریونیو جنریشن د پاره نور سورسز دی، دومره لوئې زیاتے وشو چې که زه د یو بونیر خبره وکړم، په بونیر کښې آمدن چې وو هغه پینځه کروړه او دیرش لاکهه روپۍ وو، لویه بدقسمتی دا راغله سپیکر صاحب، دې ته کتل پکار وو چې که په بونیر کښې درې Constituencies دی نو دې ته کتل پکار دی چې د یو Constituency د ټی ایم ایز نه یا د هغوی د U/Cs نه څومره انکم چې دے، هغه جنریټ کیږی او بیا اخلاقی طور باندې پکار دا وه چې په کوم Constituency کښې څومره جنریشن کیږی، پکار دا ده چې هغه ریونیو چې څومره جنریټ شوې ده چې په هغه Constituency کښې په ډیویلپمنټ سکیمز

باندې هغه ولګی۔ یو خو دا زیاتے وشو چې څومره جنریشن شوے وو، اویا فیصده حصه چې ده، هغه یو Constituency ته لاړه او دا باقی دیرش فیصده جنریشن چې وو، هغه دوا ړو Constituencies ته لاړو۔ نقصان خو ئے یو دا وشو چې د بونیر په خلقو کښې احساس محرومی پیدا شوه، دویم نقصان ئے دا وشو چې مونږ پولیټیکل خلق لګیا یو، دلته سول سوسائټی لګیا ده، دلته این جی اوز لګیا دی، هغوی کمیونټی چې ده د دې د پاره موبلائز کوی چې تاسو خپله ریونیو جنریټ کوئ چې دلته لارې کوڅې جوړېږی، دلته واټر سپلائی سکیمز کیږی، دلته روډز جوړیږی یا دلته نور د ډیویلپمنټ کار چې دے، هغه روان کړی۔ دا نقصان وشو سپیکر صاحب! چې د بسم الله نه کوم روایت قائم شو، نن به هغه علاقې څنګه د دې ریونیو جنریشن د پاره د حکومت سره یا د هغه ادارو سره به هغوی مرسته کوی؟ هغوی مرسته نه کوی نوره۔ سپیکر صاحب، حقیقت هم دا دے چې ما دلته چیف ایګزیکټیو نه اؤریدلی وو، ما دلته د فنانس منسټر صاحب نه اؤریدلی وو او Categorically او Repeatedly د دې حکومت د وزیرانو صاحبانو نه ما اؤریدلی وو چې دا هغه حکومت نه دے چې د دې صوبې فنډ به د دې صوبې یوې حصې ته ځی یا به یوې ضلعې ته ځی یا به یوې حلقې ته ځی، دا نن مونږ په بل حکومت، نوی حکومت کښې ناست یو، پکار ده چې د تیر حکومت ریکارډ راواخستے شی او دا پته ولګی او زه د هغه ملګرو او د هغه مشرانو شکریه هم ادا کوم چې په هغه وخت کښې هغوی په اپوزیشن کښې وو خو دا کریډټ خو نن Definitely زمونږه سابقه وزیر اعلیٰ امیر حیدر خان هوتی صاحب ته ځی چې د اپوزیشن ملګرو به دا ګنړله چې مونږه په اپوزیشن کښې نه یو، مونږ په حکومت کښې یو، هغه ډیر لوئې فراخدلانه، هغه ډیر لوئې د پښتو د روایاتو نه کار اخستو۔ سپیکر صاحب، زه په دې فورم باندې دا هم مطالبه نه کوم چې ظاهره خبره ده دا حکومت دے، د حکومت اتحادیان دی، پکار دا ده چې حکومت دوئ ته لږ په ښه سترګه وګوری خو زما یقین دا دے چې دا خو معنیٰ نه لری، دا خو څه معنیٰ نه لری چې کوم خلق د انصاف خبرې کوی، کوم خلق د اسلام خبرې کوی، کوم خلق د مساوات خبرې کوی او دا خو مونږ نه کوؤ، دا دعوې او دا وعدې او دا نعرې خو دوئ په روزانه بنیاد باندې دلته دوئ نن لګیا

دی او مونږ له پیغورونه راکوی، په ټولو حکومتونو باندې الزامونه لګوی او بیا دا خبره کوی چې دا خو کرپشن وو، دا خو Nepotism وو، دا خو اقرباء پروری وه۔ سپیکر صاحب، دا دومره اهمه مسئله ده چې زه دا وئیل نه غواړم چې مونږ د اپوزیشن دا ټول اراکان چې دی، مونږ به په دې باندې احتجاج کوؤ خو دا هم وئیل غواړم چې په دې دومره لوئے ظلم باندې، په دې دومره لویه ناانصافئ باندې او دې ته زه انتقام وایم انتقام، سپیکر صاحب! دا انتقام دے او دا انتقام په دې وجه دے چې د ډیر لوئے افسوس نه او د ډیرې لوئې بدقسمتئ نه زمونږ چې د حکومت کوم ورونړه دی، بیا زمونږ د حکومت کوم مشران دی، په هغوی باندې د اپوزیشن دا تنقید چې دے دا پرې خوږ نه لګی، دا پرې ښه نه لګی، نو د هغوی دا خیال دے او د هغوی دا نیت دے چې په دې طریقه باندې به دا خلق مونږ پریشرائز کړو یا به ئے دیوال سره ولګوؤ نو شاید چې هغوی د دې خپل مؤقف نه واؤړی او حکومت طرف ته جهکاؤ جوړ کړی خو سپیکر صاحب! دا سې نه ده، دلته بشمول زما که زه یو پولیټیکل ورکریم او دا سیاسی مشران دی، د دې خلقو خپل سیاسی Background دے، د دې خلقو پخپلو علاقو کښې یو پس منظر دے، یو اثر رسوخ دے، د دوئ خپلو خپلو سیاسی ګوندونو سره یو تاریخی تړون دے، سیاسی ورکران، سیاسی خلق په فنډ ورکولو او په فنډ نه ورکولو، په نوکرو ورکولو او په نوکرو نه ورکولو دا خلق خپلې همدردئ یا خپلې وابسطګئ یا خپل Affiliation پریښودو ته تیار نه دے خو سپیکر صاحب! زما غوښتنه دا ده چې دا هغه فورم دے چې په دې فورم کښې قانون سازی کیږی او بیا ئے عدالتونه چې دی، هغه د هغې تشریحات کوی نو چې کله په دې فورم کښې د اپوزیشن په ملګرو باندې دا لارې بندې شی، بیا مونږ سره بله لار پاتې نشی، یوه لار به مونږ سره دا پاتې شی چې مونږ به عدالت ته لاړ شو او که هغه لار نه وی، بیا به مونږ سره دا لار پاتې شی چې د اسمبلئ دا اجلاس چې دے دا به مونږ په ډیر لوئے خفګان باندې او ډیر لوئے په افسوس باندې او ډیر لوئے په بخښنه باندې دا اجلاس به بیا د اپوزیشن ملګری په دې هال کښې نه، د دې اجلاس نه بهر چې کوم هغه ګراؤنډ دے، په هغه ګراؤنډ کښې به بیا مونږه خپل اجلاس چې دے هغه منعقد کوؤ او دې ټولې دنیا ته به خپله خبره ښایو۔ (تالیاں) خو زما طمع

ده چې، زما د خپلو ورونړو او د حکومت نه زما دا طمع ده چې که زمونږ په خبره کښېLogic وی، چې که زمونږ په خبره کښې وزن وی او چې که واقعی د حکومت د طرف نه په بسم الله کښې دا زیاتے روان وی نو په دیکښې هیڅ د شرم خبره نشته، دا ټول هاؤس چې دے دا د دې صوبې نمائنده هاؤس دے، زما به ورته دا خواست وی چې نه ده پکار چې اپوزیشن له دوئ دا موقع ورکړی او اپوزیشن هغه لاره اختیار کړی چې کومه لاره د دې صوبې د پاره مناسبه خبره نه وی۔ سپیکر صاحب، زه په دې هم پوهه یم چې مونږ له د وزیران صاحبان د دې خبرو جواب په دې شکل نه راکوی چې په تیر وخت کښې څه چل شوے دے، په تیر وخت کښې څه چل شوے دے او که خامخا دوئ دا جوابونه تیاروی نو سپیکر صاحب، بیا به زما ستاسو نه دا خواست وی چې په دې صوبه کښې، پرون زمونږ په حکومت کښې هم 99 حلقې وے، بیا به ټول ریکارډ راواخلی او د هغې ریکارډ نه به پته ولګی او زه دا منم چې نن د دې صوبې وزیر اعلیٰ دلته ناست دے، هغه د نوښار دے، د هغه نه د خلقو توقعات دی، د هغه نه د خلقو ډیر امیدونه دی، زه هرګز دا خبره نشم کولې چې ګنې کوم فنډ ما ته ملاویږی، هغه د صوبې وزیراعلیٰ ځان له واخلی، نه دا نامناسبه ده، مونږه په دې هم پوهیږو چې د دې صوبې وزیران دی، د هغوی نه د خپلو حلقو توقعات دی، امیدونه دی، مونږ دا خبره هم بالکل نه کوؤ چې هغه وزیران څومره فنډ اخلی هغه هومره د مونږ له راکوی خو صرف دومره ورته کوؤ چې دومره فرق د نه ساتی لکه د زمکې او آسمان پشان، او زه دا ګنړم چې څنګه مونږ اپوزیشن، د دې الیکشن نه پس چې کله دې ټول اپوزیشن دا فیصله وکړه چې عددی برتری چې ده، دا زمونږ دې ورونړو ته حاصل ده لهذا دوئ د حکومت جوړ کړی، نن هغه خلق ناست دے خپل حکومت ئے جوړ کړے دے او زه دا هم سپیکر صاحب، وئیل غواړم چې زمونږ د اپوزیشن د طرف نه تر اوسه پورې هیڅوک دا شواهد چې دی دا نشی پیدا کولې چې که مونږ اپوزیشن د مرکزی حکومت سهارا اخستې وی او مونږ کوشش کړے وی چې مونږ د په حکومتی ارکارنو کښې یو Rift جوړ کړو یا د هغه ارکانو کښې څه ارکان ځان سره شامل کړو خو زه د دې خبرې هم غندنه کوم چې زمونږ صوبائی حکومت لګیا دے اوس د اپوزیشن په بعضو ملګرو باندې ټونګې وهی،

دا خبره ځکه کوم چې دا په ریکارډ باندې راشی، لهذا دا به هارس ټریډنګ وی او زه دا ګڼړم چې دا ابتداء مونږ نه ده کړې، دا ابتداء چې ده دا حکومت کړې ده، سبا چې د میډیا ملګرو او د دې صوبې خلقو ته پته وی چې دا خبره هم په ریکارډ باندې وی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، د ټوبیکو سیس یا دلته زمونږه د تربیلې یا د صوابئ او یا د تورغر چې کومو ملګرو، د کرک او د کوهاټ هم چې د کومې رائیلټئ خبره وشوه، مثال په صوابئ کښې، مردان کښې، بونیر کښې، مانسهره کښې، دلته ورجینیا پیدا کیږی، ورجینیا۔ تاسو د تیرو پینځو کالو د ټوبیکو سیس چې کوم آمدن دے، هغه تاسو راواخلئ چې په یو ځائې کښې به درې حلقې وې، په درې باندې به تقسیمدو، چې په یو ځائې کښې به پینځه حلقې وې په پینځو باندې به تقسیمدو، نن ډیره لویه بدقسمتی ده چې زه که د بونیر خبره وکړم او زه که د صوابئ ملګری ناست دی، هغوی به خپله خبره کوی، په بونیر کښې د ټوبیکو سیس هغه پیسې چې وې، هغه په دوه حلقو کښې تقسیم شوې۔ مولانا صاحب چې د کومې حلقې نه منتخب دے، هغې حلقې ته اووه لاکهه روپئ ملاؤ شوې دی، شپږ لاکهه روپئ ورته ملاؤ شوی دی او زما حلقې ته غالباً 67 لاکهه روپئ ملاؤ شوې دی او زمونږه د مشر حاجی صاحب حلقې ته یو کروړ او اوولس لاکهه چې دی، هغه هغې ته ایلوکیشن شوے دے۔ سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، زمونږه د مشر حاجی صاحب چې کوم د حج او د اوقاف او د زکواة او د عشر وزیر صاحب دے، څوارلس لاکهه روپئ چې کوم دی، دا اوس ټینډر شوې دی، پینځلس ورځې ئے نه کیږی، هفته، 34 لاکهه روپئ بیا نورې ټینډر شوې دی د هغوی په حلقه کښې، یو کروړ بیا نورې ټینډر شوې دی او یو کروړ بیا نورې ټینډر شوې دی او که زما حاجی صاحب، مونږ خو شډل بډل پښتانه یو، نه مې په جهنډې باندې کلمه شته او نه مې قوم سره دا وعده کړې وه چې لکه زه به یا اسلام راولم یا به زه شریعت راولم یا به زه په دې وطن کښې مساوات راولم، مونږ دا خبرې نه دی کړی، مونږه شډل بډل پښتانه یو او هسې هم دا ډیر خلق مونږ ته وائی وئیل دا نیشنلیان چې دی، دا سره کافر دی، خو زه

حیران په دې یم چې کوم خلق بیا دا خبره کوی چې د "اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام" نو زه حیران په دې یم چې اے زما مشره روره حاجی صاحب! که ما له د نه راکولې، ما له خو به د نه راکولې خو زما دې مولانا ورور له خو به د پکښې لږه حصه خو به د پکښې ورکړې وه کم از کم۔ (تالیاں) زه وایم کیدے شی، زه دا منم، زه خو دا منم، زه خو دا منم چې لکه اوس زه یو عام سړے یم، ډیره مې هم نشته او زه خپل مشر ته خیرې هم نشم کولې، زه به ورته دعا کوم خو دې مولانا صاحب که ورته خیرې وکړې نو زما یقین دا دے چې دا خو به بیا ډیره زیاته گرانه شی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا سې ده، منسټر انفارمیشن نن دلته ناست دے او د حکومت ترجمان هم دے، Spokesperson هم دے، دا هغه حقائق دی چې ما اووئیل چې زه دا دې فورم ته وړاندې کړم او زما دا طمع ده، زما دا طمع ده چې منسټر انفارمیشن صاحب به خامخا چیف ایگزیکټیو صاحب سره کښیني او دا درته زه اووایم چې زمونږ د خلقو مزاج دا دے چې دا ووټ دوئ په کار نه ورکوی، په دې تاسو زمونږ نه ډیر زیات ښه پوهیږئ نو چې کله دا ووټ دوئ په دې کار نه ورکوی نو ښه دا نه ده چې تاسو ډیر ښه کوئ او په ځائې د دې چې مونږ تاسو باندې دلته ټکونه کوؤ، دا موقع دې اپوزیشن له ورکړئ چې تاسو کارونه کوئ او زه پاڅم تاسو ته شاباش وایم او بل ملگرے پاڅی تاسو ته شاباش وائی او بل ملگرے چې پاڅی تاسو ته شاباش وائی۔ سپیکر صاحب، زه دا هم تاسو ته اووایم چې په فلډ کښې، دا Flood damages چې څومره وشی په کوم ځائې کښې یا دا Maintenance & rehabilitation چې کوم سیکمونه دی، په هغې کښې هم دغه تله ئے ورپسې راختې ده۔۔۔۔۔

(عشاء کی اذان)

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ خپله خبره راغونډوم۔ سپیکر صاحب، دا به مو د حکومت د وزیرانو نه زما دا خواست وی چې دا د اپوزیشن د ملگرو په حلقو کښې دا بې ځایه مداخلت، دا انتقامی کارروایانې، مونږ به ورته خواست کوؤ چې کم از کم دا بالکل ډیره غیر مناسبه خبره ده او سپیکر صاحب، ستاسو نه هم زما دا طمع ده چې تاسو هم په دې دا خپل، دا چې کوم ستاسو فورم دے، د

هغې به هم تاسو ان شاء الله پوره پوره استعمال کوئ او دا چې کوم ظلم او کوم زیاتے یا کوم انتقامی کارروائی د اپوزیشن روانې دی نو زما ستاسو نه هم سپیکر صاحب! دا امید دے ان شاء الله چې په دیکښې به تاسو هم خپل کردار ادا کوئ او ما ته پته ده چې ما ته به دا جواب ملاویږی چې ته خو د ایجوکیشن منسټر وې او په خپله حلقه کښې د ډیر زیات سکولونه جوړ کړی وو، بالکل مې جوړ کړی دی خو ورسره ورسره په دې99 حلقو کښې، په دې 99 حلقو کښې د ایجوکیشن منسټر صاحب ناست دے، زما به هغه ته دا ریکویسټ وی چې دا ټول ریکارډ راواخلی، دا ټول ریکارډ، چې دا یو ریکارډ دے ان شاء الله د دې صوبې په تاریخ کښې چې په ایجوکیشن کښې که دا په انفراسټرکچر کښې وی، دا که په Capacity building کښې وی، دا که په بنیادی سهولیاتو کښې وی، ان شاء الله دا زه په دې فورم باندې چیلینج کوم چې په دې پینځه کالو کښې مونږ ایجوکیشن ځومره Focus کړے وو، دا نه د هغې نه مخکښې شوے دے او روان منسټر صاحب زما ورور دے ان شاء الله ان شاء الله چې کوم کمک او کومه مرسته زمونږ نه غواړئ، مونږه ورسره یو ان شاء الله که خیر وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، میں آپ کا مشکور ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، ایک تو میری آپ سے درخواست ہو گی۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): جناب والا!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! ایک منٹ۔ قاسم خان صاحب، جی ملک قاسم خان۔

مشیر جیلخانہ جات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ زه صرف د ریکارډ درستګئ د پاره دا خبره کوم چې ډیرې خوږې خبرې وکړې بابک صاحب، محمد علی شاه باچا، زه د هغوی مار چیچلے یم چې کوم دے زه خپله موجود یم، 21 ربتونه مې په هائی کورټ کښې کړی دی او جاوید ترکئ وګوره او دا مفتی جانان ناست دے، نن محمد علی شاه باچا خپله اووئیل چې ما ته یو پرائمری سکول ملاؤ دے، ما ته یو پرائمری سکول ملاؤ دے چې زه د ګورنمنټ په بنچز باندې، زه دا خبره کوم چې بابک صاحب ته پته ده، دا واحد په اسمبلئ

ریکارډ کښې ده چې زه بهر دلته کښې اووه ګهنټې په Hunger strike ناست ووم۔ د تیر حکومت ظلم درته ښایم چې مونږ سره کوم شوے دے ، مفتی جانان به، منور خان به د دې تصدیق وکړی او دا ټول چې مونږ سره څه شوی دی، زه وایم چې دې حکومت خو سره څه کړی نه دی چې دا دوئ کومې خبرې کوی۔ دا د ریکارډ د درستګئ د پاره دا خبره کوم چې تیر حکومت، خپله ئے اووئیل چې دومره، دا بیا ده اووئیل چې کرپشن ئے کړے، د کرپشن ریکارډ دے ، د ظلم زیاتی ریکارډ دے ، قوم سره په فنډز کښې ریکارډ دے۔ دا اوس زه خپله دا جاوید ترکئ د مردان نن نشته، زه صرف دا خبره کوم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! اخر کښې خیر۔۔۔۔

مشیر جیلخانہ جات: جناب سپیکر صاحب! په تیر ګورنمنټ کښې چې مونږ سره په ضلع کښې څومره څه زیاتے شوے دے۔ ډیره مهربانی، شکریه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ سرداراورنگزیب نلوٹھا صاحب، پلیز۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ ایک تو آپ سے یہ درخواست کرونگا کہ چونکہ جس ایجنڈے پر آج یہ بحث جاری ہے، اپوزیشن کے تمام ممبران اس کے اوپر بات کرنا چاہتے ہیں اور چونکہ ہر کوئی متاثر ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وزراء صاحبان تشریف فرما ہیں لیکن بدقسمتی سے پتہ نہیں کس نے امبریلا بجٹ کی بنیاد ڈال دی اور یہ خود بھی بیچارے بے بس ہیں، تو چونکہ اس بجٹ کے سارے اختیارات وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس ہیں، وہ ادھر موجود نہیں ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب کل شاید وہ ہوں اور اگر وہ اپوزیشن کو تسلی دیتے ہیں کہ وہ ہمیں یکساں ہمارے ساتھ سلوک کرینگے تو Well and good، اگر وہ ہمیں تسلی نہیں دیتے ہیں تو کل ہی ان شاءاللہ جوائنٹ اپوزیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم اعلیٰ عدالتوں میں جائیں گے اور وہاں سے انصاف مانگیں گے اور ہم توقع رکھیں گے کہ ہمیں انصاف ملے گا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ بڑی حیرانگی کی بات ہے کہ صوبے کے وسائل، یہ جو بجٹ ہے، اس کو صوبے کے وسائل سے پکارا جاتا ہے لیکن میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ یہ وسائل صرف پاکستان تحریک انصاف یا جماعت اسلامی کے ہیں، ہم نے یہ محسوس کیا ہے۔ تو اس صوبے کے جتنے لوگ بھی یہاں پر آئے ہیں، عوام نے انہیں منتخب کیا ہے اور ہمیں بڑی توقع تھی کہ قائد ایوان جناب پرویز خٹک صاحب بہت پرانے پارلیمنٹیرین ہیں، حکومتوں میں

بھی رہے ہیں، اپوزیشن میں بھی رہے ہیں اور پھر جو انہوں نے تقریر کی تھی، اپنی پہلی تقریر میں انہوں نے کہا تھا کہ جو سابقہ ادوار میں ہوتا رہا ہے، اپوزیشن کے ساتھ جو سلوک ہوتا رہا ہے، میں وہ نہیں کروں گا، میں تبدیلی لاؤں گا اور میں سب ممبران اسمبلی کے ساتھ برابر سلوک کروں گا، یہ فلور کے اوپر انہوں نے تقریر کی تھی اور ہم نے بڑی امید باندھی تھی کہ یقیناً یہاں پہ ہم آئے ہیں تو ہمیں انصاف ملے گا اور جناب سپیکر صاحب، جو کچھ رویہ ترقیاتی سکیموں میں ممبران، خصوصاً اپوزیشن کے ممبران کے ساتھ جو ہو رہا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ شاید یہ قائد تحریک انصاف عمران خان صاحب کے نوٹس میں یہ بات ہو گی، میں سمجھتا ہوں کہ اگر انہوں نے نوٹس نہ لیا تو اس صوبائی حکومت کی کارکردگی کی وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ تحریک انصاف کی بجائے کہیں لوگ مایوس ہو کر انہیں تحریک بے انصاف کے نام سے نہ پکاریں۔ تو اس سے پہلے میں یہ درخواست کروں گا حکومت سے کہ مہربانی کر کے یہ آپ کے نوٹس میں ہونا چاہیئے کہ سب سے پہلے تو اس صوبے کے وسائل کو ڈویژن وائز تقسیم کیا جائے، ڈسٹرکٹ وائز تقسیم کیا جائے اور ان کے نوٹس میں یہ ہونا چاہیئے۔ ایک طرف سے تو انہوں نے تعلیمی ایمرجنسی نافذ کی ہے اور پھر انہیں یہ بھی پتہ ہونا چاہیئے کہ اپوزیشن کے حلقوں کے لوگ بھی صاف ستھرا پانی پینے کے خواہشمند ہیں، سڑکوں کے خواہشمند ہیں، سکولوں کے خواہشمند ہیں، ابھی جو بات ہو رہی تھی جناب سپیکر صاحب! پچھلے پانچ سال میں بھی اس اسمبلی کا ممبر رہا ہوں اور میں اپوزیشن میں تھا، قلندر خان لودھی صاحب اور میں، دونوں کا ایبٹ آباد سے ہمارا تعلق ہے اور سابق وزیر اعلیٰ صاحب نے، جو وقت گزر گیا ہے، اب اگر ہم یہ کہیں کہ اس طرح ہوا ہے، اس طرح ہوا ہے تو میرے خیال کے مطابق ہماری کم ظرفی ہو گی۔ میرے حلقہ PK-47 کے اندر 40 سکولز پانچ سالوں میں بنے ہیں، سپیکر صاحب! 36 واٹر سپلائی سکیمیں مجھے ملی ہیں، میرا اپوزیشن سے تعلق تھا، میرے حلقے میں دو پل بنے ہیں سر، ایک ساڑھے سات کروڑ روپے کا اور ایک نو کروڑ 20 لاکھ روپے کا، جس کے اوپر کام شروع ہے۔ یہ لودھی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، لودھی صاحب کے حلقے میں ڈگری کالج بنا ہے جناب سپیکر صاحب، اس وقت سابق صوبائی حکومت بالکل اپنے وزراء کو اور ایم پی ایز کو بھی وہ سکیمیں دیتی رہی ہے لیکن ہم نے کبھی محسوس نہیں کیا کہ ہم اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ (تالیاں) تو ہم یہ سمجھ رہے تھے جناب سپیکر صاحب! کہ یہ حکومت پانچ سال کیلئے آئی ہے اور ہم نے پہلے دن کہا تھا کہ آپ کو

ہم بالکل فری ہینڈ دیں گے، آپ صوبے کے عوام کی خدمت کریں اور جہاں پہ آپ کوئی کوتاہی کریں گے تو ہم اس کی نشاندہی کریں گے، جو اچھا کام کریں گے تو ہم آپ کو Appreciate کریں گے لیکن جناب سپیکر صاحب، مجھے یہ لگ رہا ہے کہ حکومت خود یہ فیصلہ کر چکی ہے کہ ان کی حکومت میرے خیال کے مطابق صرف ایک ہی سال ہے، اب بھی ہم کہتے ہیں، پانچ سال حکومت کریں، یہ فنڈ آپ کے پاس اگلے بجٹ میں اور بھی آئے گا (تالیاں) اور اگلے سال کے بجٹ میں اور بھی فنڈ آپ کے پاس آئے گا، تو جس طرح آپ اس ساری چیز کو اپنی طرف لے جا رہے ہیں اور اپوزیشن کو نظر انداز کر رہے ہیں، ان کے لوگوں کا کوئی قصور نہیں ہے اور جناب سپیکر صاحب، ایک اور زیادتی جو یہ حکومت ہمارے ساتھ کر رہی ہے، میں اپنے حلقے کی بات کرتا ہوں کہ مجھے لوگوں نے ووٹ دیا ہے، مجھے منتخب کیا ہے، میرا تعلق پی ایم ایل این سے ہے لیکن وہاں پہ فنڈ، جو ان کا بندہ مجھ سے ہارا ہے، دوسرے نمبر پہ آیا ہے، اس کے ذریعے سکیموں کے اعلانات ہو رہے ہیں جبکہ ہم نے تو یہ فیصلہ کیا ہے اور آپ کو فری ہینڈ دیا ہے اور یہ صوبے کی تاریخ کی پہلی اپوزیشن ہے، پہلی اتنی مضبوط اپوزیشن ہے کہ جس کی تعداد Fifty three ہے، کسی بھی وقت کوئی Incident ہو سکتا ہے جناب، (تالیاں) اور یہ خیال رکھیں، یہ خیال رکھیں کہ آپ کو بھی کسی وقت یہاں پہ بیٹھنا پڑے گا، آپ کو بھی کسی وقت یہاں پہ، (مداخلت) جناب سردار صاحب! حکومتوں کا آنا اور جانا By chance یقینی ہوتا ہے، تکبر نہ کریں (تالیاں) تکبر اللہ کی ذات کو پسند نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں، میں نے کہہ دیا ہے کہ ہم نے پانچ سال کیلئے آپ کے ساتھ تعاون کرنے کا اعلان اسمبلی فلور کے اوپر کیا تھا اور ہم اس کے اوپر کاربند ہیں لیکن جو قائد ایوان صاحب نے یہاں پہ اعلان کیا تھا، فیصلہ کیا تھا، کدھر گیا ان کا فیصلہ؟ ان کا انصاف کدھر گیا ہے؟ اور جناب سپیکر صاحب، حیرانگی کی بات دیکھیں، قائد ایوان صوبے کا چیف ایگزیکٹیو فیصلہ کرتا ہے، میرے پاس یہ ڈائریکٹیوز پڑے ہوئے ہیں، تین تین کروڑ روپیہ انہوں نے تمام ممبران اسمبلی کو سڑکوں کی مد میں دیا، تین تین کروڑ روپے کا ہمیں ڈائریکٹیو ترقیاتی سکیموں کیلئے ملا اور انتہائی افسوس کی بات ہے اس حکومت کیلئے کہ دو دن کے بعد وہ ڈائریکٹیو واپس ہو گیا اور ہمیں ایک ایک کروڑ روپے کا ڈائریکٹیو ملا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ حکومت کس طرف سے، کس کی ڈائریکشن پہ چلائی جا رہی ہے؟ اور میں سمجھتا ہوں کہ قائد ایوان بڑے تجربہ کار آدمی

ہیں، انہیں تو کم از کم چار سال اے این پی والوں کی تقلید کرنی چاہیئے تھی، چار سال انہوں نے ہمیں برابر فنڈ دیا ہے، اپنے ممبران اسمبلی کے ساتھ برابر فنڈ دیا ہے، پانچویں سال انہوں نے کچھ کمی کی ہے۔ تو میں نہیں سمجھتا، ان کا اپنا فیصلہ ہے، ہم اپنا حق لینے کیلئے آج یہ جو اجلاس 'ریکوزٹ' اپوزیشن نے کیا ہے، اس میں سر، یہ چیز ہم نے شامل کی ہے اور میں سمجھتا ہوں جی کہ سپیکر صاحب، میری آپ سے گزارش ہوگی اسلئے کہ آپ کا ویسے بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ اپوزیشن کو جو ان کا جائز حق ہے، آپ دے رہے ہیں اور آپ کی کرسی سب کیلئے، ہم سب کیلئے عزت کی کرسی ہے، آپ کو ہم اگر نہ بھی ووٹ دیتے تب بھی آپ سے ہمیں انصاف کی توقع تھی۔ آپ کو تو اس پورے ہاؤس نے جناب ووٹ دے کے بلا مقابلہ سپیکر صاحب کو اور آپ کو منتخب کیا ہے، میں چاہوں گا سپیکر صاحب! آپ اپنے اختیارات کا استعمال کریں، ایک رولنگ یہ دیں کہ آج کے بعد یہ جو آمبریلا، یہ قاتل بجٹ ہے آمبریلا جو تمام ممبران اسمبلی کو یرغمال بناتا ہے، یہ قاتل بجٹ، آمبریلا بجٹ آج کے بعد نہیں ہونا چاہیئے جناب، یہ بڑی زیادتی ہے ممبران اسمبلی کے ساتھ کہ ممبران اسمبلی صبح اٹھتے ہیں، نماز پڑھ کر تو سی ایم صاحب کے پاس، کبھی کس کے پاس، کبھی کس کے پاس، ایک یہ ختم کیا جائے اور دوسری جناب سپیکر صاحب، جو ہماری حق تلفی ہوئی ہے، ہم آپ سے توقع رکھیں گے کہ آپ ہمیں انصاف دلوائیں، تحریک انصاف والوں سے سر انصاف دلائیں اور اللہ کرے کہ رویہ اپنا بدلیں ورنہ صوبے کے لوگ انہیں تحریک بے انصاف کہنا شروع کر دیں گے اور اس سے پہلے پہلے اپنا رویہ ٹھیک کر لیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو ضلعوں میں ہمارے ترقیاتی فنڈز ہیں سر، ان کے حوالے سے بھی جو جتنے ممبران اسمبلی ضلعوں کے اندر ہیں، چاہے جس پارٹی کے بھی ہیں، ہمیشہ اسی طرح ہوتا رہا ہے کہ برابر Divide ہوتے تھے اور اب بھی وہ برابر تقسیم کئے جائیں۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: زه دا پارلیمانی لیډرز، پارلیمانی لیډرز ته موقع ورکړئ، د هغوی نه پس تاسو ته د رکوم کنه صاحبه۔ شیرپاؤ ګروپ سائډ نه دا خبره وکړی جی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ، مہربانی، مہربانی۔ شکریہ جناب سپیکر۔ بہت ہی اہم ڈیبیٹ ہے اور ایک مرتبہ پھر کافی لیٹ ہو گئے ہم اس ڈیبیٹ کو Take up کرنے کیلئے اور میرا خیال ہے کہ میری تجویز ہے کہ اس کو اگر کل بھی جاری رکھا جائے، (تالیاں) کیونکہ آج یہ پوری نہیں ہو سکے گی۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ٹریژری بنچز سے بھی ممبران اس پہ بولیں، یہ نہیں ہے کیونکہ جس طرح ابھی قاسم خٹک صاحب کو آپ نے بیچ میں Interruption کا موقع دیا جو کہ ڈیبیٹ کے دوران نہیں ہونا چاہیئے، وہ اپنا جو بھی پوائنٹ کہنا چاہتے ہیں، ان کو حق ہے As a Member وہ بیچ میں اپنی سپیچ میں لیں۔ اسی طرح میں چاہوں گی کہ یہ آئیں آپ کے ٹریژری بنچز سے بالکل، یہ تو وہی والی بات ہے کہ اس میں تو چینج نظر نہیں آتی، وہی ہے کہ ٹریژری بنچز نے نہیں بولنا، اپوزیشن نے بولنا ہے اور آخر میں ایک Conclusion draw کر کے اور بس معاملہ ختم، شاید یہی ہم لوگوں کی تقدیر ہے۔ ہم یہاں پہ صرف Criticism کیلئے اس ڈیبیٹ کو Take up نہیں کرنا چاہتے، ہم اس میں بہتری کی اصلاح کیلئے اس کو آگے لانا چاہتے ہیں۔ جس طرح مولانا صاحب نے اور پھر اس کے بعد محمد علی شاہ صاحب نے اور پھر بابک صاحب نے اور پھر اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے وہ کیا، وہ تمام ایسے پوائنٹس ہیں Valid جن کو میں بھی چاہوں گی کہ ان کو Own کروں لیکن میں جو چند چیدہ پوائنٹس ہیں جناب سپیکر! سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایک Judgment کے، ایک تاریخی Judgment کے ذریعے چیف ایگزیکٹیوز کے اوپر ممنوع کیا ہے کہ ان کے پاس Discretionary grant نہیں ہونا چاہیئے فنڈز کا، ڈیویلپمنٹ فنڈز ملنے کا، اور یہ ایک ایسا فیصلہ ہے جس پر ہم سب کو سوچنا ہو گا کہ نان اے ڈی پی ہے یا اے ڈی پی ہے For all development purposes لیکن ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ ہم نے اس کی تقلید کرنی ہے اور اگر یہ ایک طریقہ رکھا ہے۔ پھر تحریک انصاف جب آئی، ہم ان کے کولیشن پارٹنرز تھے، ہمیں یہ بتایا گیا کہ ممبران کو ڈیویلپمنٹ فنڈز نہیں دیں گے، یہ ان کی پارٹی پالیسی ہے لیکن بوجوہ وہ پالیسی بھی Inconsistent رہی، چینج آ گئی اور ابھی تک یہ کہہ رہے ہیں کہ جب تک لوکل گورنمنٹ سسٹم نہیں ہے، اس وقت تک یہ ڈیویلپمنٹ فنڈ جو ہے ممبران

لیں گے لیکن میرا خیال ہے کہ یہ توازن قائم کرنا ضروری ہے اور اس میں میں کوئی Criticize نہیں کر رہی، Appreciate کر رہی ہوں کہ یہ دینا چاہیئے لیکن کھل کے دیں، جس طرح انہوں نے بات کی اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے کہ ایک اے ڈی پی ہیڈ "Special Initiative for Development" رکھ دیا، اس میں Billions of rupees رکھ دیئے اور اب آپ کی مرضی ہے کہ آپ نے کس کو دینے ہیں اور کس کو نہیں دینے؟ یہ چیز جو ہے، یہ ایک Discrimination ہے۔ یہ پی ٹی آئی کی جو اپنی Policy of merit and upholding of justice جو ہے، یہ اس کے Totally against ہے، Development need basis پر ہونی چاہیئے اور مجھے یہ واقعی جناب لیڈر آف دی ہاؤس کی وہ پہلی سپیچ جو انہوں نے اپنے الیکشن کے دن 31 مئی 2013 کو کی اور پھر اس کے بعد کئی اور موقعوں پہ، وہ ریکارڈ کا حصہ ہے، اس میں انہوں نے کہا کہ حکومتیں تو جب آتی ہیں، اس کے بعد Preparation کرتی ہیں، ہم تو پہلے دن سے Well prepared ہر پالیسی لے کر آرہے ہیں لیکن ہم نے دیکھا کہ Practically ایسا نہیں ہوا، اس کے بعد ورکنگ گروپس Form ہوئے، اس کے بعد وہی طریقہ کار رہا اور وہی روایتی سیاست کو فروغ دینے کی کوشش ہو رہی ہے جس میں سامنے کچھ کلیئر نہیں ہے۔ اب مثال کے طور پر آج ہماری پارلیمانی پارٹی میٹنگ جب اپوزیشن کی ہو رہی تھی تو ایک ممبر نے بتایا کہ میرے علاقے میں تو پرائمری سکول بھی نہیں ہے تو مجھے اپ گریڈیشن کی ایک سکیم مل گئی ہے، اب مجھے تو وہاں پہ پرائمری سکول چاہیئے اور اپ گریڈیشن میں کس چیز کی کروں گا جبکہ وہاں پہ ہمیں مسائل جو ہیں وہ ہیں، تو یہ Need basis کے اوپر یہ تمام چیزیں دیکھنی چاہیے تھیں۔ پھر اس کے بعد اس گورنمنٹ نے، پہلے Revision allowed ہوتی تھی کہ آپ ایسی سکیموں کو Revise کر لیتے تھے، اس دفعہ انہوں نے سختی سے پابندی کر دی کہ Revision will not be allowed جو کہ ایک اور زیادتی ہے، اپنے ہاتھ خود باندھے ہیں اور پھر اس کے بعد ان کو سمجھ نہیں آرہی۔ جس طرح آج پوائنٹ آؤٹ ہوا، میرے بھائی ہیں، وہ ہمارے بزرگ ہیں، ہمیں اس سے نہیں، ان کے حلقوں میں ہونی چاہیئے ڈیویلپمنٹ لیکن جس طرح لوئر دیر ہے یا دیر کے علاقے ہیں، وہاں پہ ہمارے جماعت اسلامی کے ممبران کے علاقوں میں ڈیویلپمنٹ ہو رہی ہے Miles and miles, kilometers of kilometers of roads بن رہے ہیں

لیکن آپ Judiciallyاور ایک Parity کے ساتھ اس پہ نہیں کر رہے، تقسیم نہیں کر رہے تو یہ جو چیزیں ہیں،ان کا تدارک ہونا چاہیئے اور یہ جب ہم نے ریکوزیشن کی بھی تھی تو اس چیز کو سامنے لانے کیلئے یہ پوائنٹس رکھے تھے۔ میں یہاں پہ اس موقع سے فائدہ اٹھاؤں گی کہ جو سب سے زیادہ زیادتی ہو رہی ہے اور اس پہ مجھے یقین ہے کہ Across the aisle جو میری بہنیں بیٹھی ہیں، وہ بھی ساتھ دیں گی، وہ Women representatives کے ساتھ ہو رہی ہیں جناب سپیکر،ان کو فنڈز اس طریقے سے دیئے جا رہے ہیں جس طرح کہ کوئی بہت بڑا ان کے ساتھ Special favour ہو رہا ہے۔آج تک کلیئر نہیں ہے کہ ان کے کیا طریقہ کار ہونگے؟ آپ جانتے ہیں جناب سپیکر! کہ آرٹیکل 5 جو ہے، وہ آئین کی Obedience کے متعلق Clearly کہتا ہے کہ Obedience to the Constitution and law is the inviolableobligation of every citizen wherever he or she may be، آرٹیکل 25 کے تحت All citizens are equal before law اور اسی میں جو Clause (2) ہے کہ There shall be no discrimination on the basis of sex، پھر آپ کے پاس کئی اور ایسے آرٹیکلز میں آپ کو بتاؤں، آرٹیکل (1) 106 آپ کی پراونشل اسمبلی کے ممبرز کے متعلق بتاتا ہے کہ صوبائی اسمبلی میں ممبرز کون کون ہونگے اور پھر اس کا طریقہ کار رکھا ہے کہ جنرل ممبرز کا الیکشن ایسا ہو گا، آپ کی Minorities کا ایسا ہو گا، خواتین کا یہ طریقہ کار ہو گا۔ ممبر جب ہاؤس میں آگیا تو پھر وہ برابر کا ممبر ہے، اس بنیاد کے اوپر آپ کبھی Discrimination نہیں کرتے اور میں کہوں، جتنی بھی ہونگیں غلطیاں، جتنی بھی ہماری Criticism ہے قومی وطن پارٹی کی لیکن پچھلی حکومت کا یہ کارنامہ ہے کہ انہوں نے تمام ممبروں کو برابر کے فنڈز عطا کئے تھے Which I must appreciate۔ کیا وجہ ہے کہ موجودہ حکومت نے اپنی ہی خواتین کو یہ Right نہیں دیا؟ اور یہ میں آپ کو بتاؤں، یہاں پہ میں اس موقع پہ بتانا چاہتی ہوں کہ Impression یہی آرہا ہے کہ تحریک انصاف Anti Women Party ہے، انہوں نے کوئی کیبنٹ میں ممبر نہیں رکھا، Full-fledged وزیر نہیں بنا سکے، وہ اپنے ممبروں کو ایک دفعہ ڈیڈک کا چیئرمین مقرر کرکے انہوں نے ہٹایا، انہوں نے ان کو ڈیویلپمنٹ فنڈز جو ہیں، وہ نہیں عطا کئے، This is not fair, Janab Speaker اور اب یہ کہتے ہیں کہ ایک ایک کروڑ روپے ہم دیں گے اور اس کو لٹکایا ہوا ہے، ابھی تک وہ جا نہیں رہے۔ آج کے اخبار میں تھا کہ اس

Development initiative کا جو ہیڈ ہے، اے ڈی پی کا، اس میں پھر اربوں روپے کل ریلیز ہوئے، So we are not sure کہ یہ کیا حکومت چاہتی ہے؟ اصولاً تو برابری کی بنیاد پر فنڈز ملنے چاہئیں اور اس میں سب سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ خواتین کی جو سیٹ ہے، وہ اور بھی مشکل ہے، ایک ہمارا بھائی ممبر بن کے آتا ہے، ایک حلقے کا اور واقعی وہ ہزاروں کی تعداد کے ووٹ لیتا ہے لیکن ایسے کم از کم چار ممبرز کا ووٹ چاہیئے اس ہاؤس میں ایک خاتون کو Elect ہونے کیلئے، تو آپ سوچیں کہ یہ چار گنا زیادہ ضروری ہے کہ ان کو آپ یہ دیں تاکہ وہ پورے صوبے میں (تالیاں) اپنے ڈیویلپمنٹ کے کام کریں لیکن، (تالیاں) آپ لوگ کھل کے بیشک تالی بجائیں، کوئی آپ پر پابندی نہیں ہے اور اگر ہوئی تو کوئی مسئلہ نہیں ہے، جو اگر آپ کے دل کی آواز ہے، بول میں رہی ہوں لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ سب سپورٹ کریں گے۔ (شور اور قطع کلامیاں) ایک منٹ ایک منٹ۔ جناب سپیکر، میرا خیال ہے کہ ان کو زیادہ فنڈز ملنے چاہئیں، کم از کم اگر زیادہ نہیں مل سکتے تو جتنے 99 حلقوں کے ہمارے آنریبل ممبرز ہیں، ان کے برابر یہ فنڈز ملنے چاہئیں، یہ انصاف کا تقاضا ہے۔ ایک اور چیز کہ آپ کی Women کو جو فنڈز ملتے ہیں، اس کیلئے بھی اب انہوں نے یہ طریقہ نکالا ہے کہ جس ڈسٹرکٹ سے وہ Belong کرتی ہیں، وہاں پر اس کی ڈیڈک کمیٹی کو فنڈ بھیج دیا، مطلب میرے لئے تو پورا صوبہ Important ہے، میں نے تو پورے صوبے کے حوالے سے لیا ہے، یہ تو میرے ایم پی ایز کے ووٹوں کی وجہ سے ووٹ ملا ہے، میں ہو سکتا ہے اپنا کام ان کے حلقوں میں کرنا چاہوں تو یہ Flexible ہونا چاہیئے، اس کی Rigid policy نہیں ہونی چاہیئے، چاہے وہ اگر لوکل گورنمنٹ (تالیاں) کو Executing agency بناتے ہیں یا جہاں پر، ان کا وہ طریقہ کار وضع ہونا چاہیئے، وہ اپنی سکیمز دیدیں اور صوبے کے کسی بھی علاقے میں وہ دینا چاہیں تو وہ دیدیں ان کو، Restrict نہ کیا جائے کہ وہ صرف اپنے Native district کو وہ دینا ہے۔ پھر آخری، Last but not the least، میں بہت Short کرونگی کہ جو ابھی بابک صاحب نے بھی اس پر بڑا Clearly بتایا کہ جو سپیشل فنڈز ہیں، رائلٹی، سیس، نٹ ہائیڈل پرافٹ، اس میں وہاں پر جس Native district کی جو بھی ممبر ہے، اگر وہ Reserve seat پر آئی ہے، Minorities پر آئے ہیں یا کہ جنرل سیٹ، ان سب کے ساتھ ان کا شیئر ہونا چاہیئے، یہ بہت

Important ہے اور یہ ایک تاریخی کام ہوگا، یہ ایک تاریخی کام ہوگا، اگر حکومت نے یہ کر دیا کہ اس ڈسٹرکٹ سے Belong کرنے والی جتنی خواتین ہیں، ان کو بھی یا Minority کے ممبرز ہیں، ان کو بھی اس میں شیئر دیا جائے جناب سپیکر، تب یہ ڈیویلپمنٹ کا کام ہوگا۔ لوکل گورنمنٹ کا جو نظام ہے، وہ تو جب ابھی آئے گا تو ہم دیکھیں گے اس کے مطابق، لیکن لوکل گورنمنٹ کا جو فنڈ ہے، جس طرح مولانا صاحب نے بڑا تفصیلاً بتایا کہ اس کو بھی Misuse کیا جا رہا ہے، اس سے بھی اپوزیشن کے ارکان کو باہر رکھا جا رہا ہے This is not fair and this should not be like that، میری حکومت کو اس بات پر جناب سپیکر، آپ کے توسط سے، میں تو سمجھتی ہوں کہ Advise ہوگی اور ان کو یہ تلقین ہوگی کہ ان چیزوں سے وہ ہٹے، جہاں Centralized ہو جاتی ہیں چیزیں، جہاں پر آپ اس کو Monopolize کر لیتے ہیں، وہاں پر کبھی بھی آپ کی ڈیموکریسی یا جو آپ کا سسٹم ہے، گورننس، وہ نہ Transparent رہتا ہے، نہ وہ پھل پھول کے آتا ہے۔ ان کا حق ہے، عوام کی ڈیمانڈ کے مطابق ان کو Transparently deal کریں اور انصاف کے تقاضے پورے کریں تاکہ یہ اس قابل ہوں کہ یہ بات کہیں کہ ہم نے عوام کی امیدوں اور امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے حکومت کا نظام چلایا۔ بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ مسٹر منور خان ایڈوکیٹ، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یہاں پر سر، کافی لوگوں نے تقریریں کیں لیکن میری تقریر تھوڑی مختلف ہوگی اور شاید اپوزیشن والے بھی مجھ سے ناراض ہونگے۔ میں یہاں پر اپنی بات کرونگا کیونکہ میں نے پچھلا دور بھی دیکھا ہے۔ بعض دوستوں نے یہاں پر تقریریں کیں کہ میرے حلقے میں اتنے کام ہوئے اور اتنی واٹر سپلائی سکیمیں ہوئی ہیں لیکن افسوس ہمیں تو انتظار تھا پی ٹی آئی کے شروع شروع میں جو بیانات آرہے تھے کہ ہم ایم پی ایز کو فنڈ نہیں دیں گے تو جناب سپیکر، Really ہم بہت خوش تھے کہ کم از کم اس عذاب سے تو ہمیں پی ٹی آئی والے بچالیں گے لیکن وہ کام انہوں نے الٹا کیا اور جس طریقے سے یہاں پر تقریریں ہو رہی ہیں، میں ان لوگوں کو بھی، پچھلے دور کی میں بات کرونگا سر کہ یہی فریاد، یہی تقریریں ہم بھی اس وقت کیا کرتے تھے اور اس وقت کے چیف منسٹر صاحب

نے بھی جیسے موجودہ چیف منسٹر نے یہاں پر تقریر کی تھی کہ Equal تقسیم کریں گے فنڈ، کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہو گی لیکن اس دور میں بھی ہمیں وہی ملا جو یہاں پر ہمیں مل رہا ہے لیکن افسوس میرے ساتھ کچھ پچھلے دور میں جو کچھ ہوا ہے، وہ بھی ایک لیڈی ایم پی اے کی وجہ سے، اس وقت کی لیڈی کا نام تھا "یاسمین ضیاء" کیونکہ وہ میرے PF-76 کی بلکہ پورے ڈسٹرک لکی کی وہ یاسمین ضیاء تھیں، سب کچھ ٹرانسفر پوسٹنگ وہی کیا کرتی تھیں اور بدقسمتی سے اس دور میں پی ٹی آئی کی بھی اسی کی بہن زرین ضیاء ہے۔ تو مجھے سمجھ نہیں آرہا ہے کہ یار میرے ساتھ یہ کس قسم کا مذاق ہو رہا ہے سر لیکن بہر حال اس پی ٹی آئی کی حکومت کو کم از کم تو یہ میں داد دیتا ہوں کہ انہوں نے تو کم از کم خون گرم ہونے سے تو مجھے بچالیا ہے کیونکہ ایک کام کیا ہے کہ ان کو سمجھ آگئی کہ واقعی ہمارے ساتھ زیادتیاں ہو رہی تھیں کیونکہ اس ڈسٹرکٹ لکی مروت میں تین ایم پی ایز ہیں اور ان کو یہ احساس ہو گیا کہ انہوں نے پھر وہاں سے ان کو ڈیڈک چیئرپرسن سے ان کو ہٹایا۔ جناب سپیکر، آج سردار بابک صاحب اور محمد علی باچا صاحب اس وقت کی حکومت کے دونوں ایم پی ایز تھے اور ایک منسٹر بھی تھا لیکن افسوس جیسے نلوٹھا صاحب نے بات کی، میں تو نلوٹھا صاحب کی اس وقت بھی یہی باتیں میں سنا کرتا تھا کہ ہمیں کچھ نہیں مل رہا لیکن آج یہ (تالیاں) جو کہہ رہے کہ ہمیں اس دور میں اتنے فنڈز مل رہے تھے لیکن جناب، یہ مذاق کی بات نہیں ہے سر، اگر پچھلے دور کے لوگوں نے، حکومت نے زیادتیاں کیں تو سر، آپ دیکھ رہے ہیں کہ آج ان کی حکومت کا کیا حال ہوا ہے اور وہاں پر آج ان کے ایم پی ایز کتنے ہیں؟ کروڑوں اربوں روپیہ ایک ایک حلقے میں تقسیم ہوتا تھا لیکن جناب عالی، فنڈ کی وجہ سے لوگ ووٹ نہیں دیتے۔ اگر آپ تقسیم انصاف سے کروگے تو آج جو اے این پی والوں کی تعداد ہے اور پیپلز پارٹی والوں کی جو تعداد ہے، وہ آپ کے سامنے ہے سر اور پی ٹی آئی والوں کو بھی میں یہی کہتا ہوں کہ اگر آپ اس طرح بے انصافی کروگے تو شاید آپ لوگوں کا بھی یہی حشر ہو گا اور میں اپنی ذات کی بات کروں، پچھلے دور میں بھی میں اپوزیشن میں تھا اور آج بھی میں اپوزیشن میں ہوں، اگر فنڈ ملا بھی اور نہ ملا بھی، میں تو کم از کم اپنے ضمیر، اپنی جو بات ہے، میں اسمبلی کے فلور پر کہونگا۔ شاہ فرمان صاحب سے بھی میں یہی ریکویسٹ کرونگا کہ کم از کم آپ اپنی پارٹی میں یہ آواز اٹھائیں یا یہ بیان دیں یا ان کو سمجھائیں کہ اس طرح بے انصافی نہیں ہونی چاہیئے جس طرح یہ کہہ رہے تھے کہ ایک ایک ایم پی اے کو سات سات

کروڑ روپے مل رہے ہیں تو یہ میرے خیال میں آپ لوگوں کی، پی ٹی آئی کی حکومت کے ساتھ یہ باتیں اچھی نہیں لگ رہیں۔ پچھلے سال بھی، اسی طرح پچھلی حکومت میں بھی ہمیں ایک ایک سکول ملتا تھا پرائمری ایک، مڈل اپ گریڈیشن، میرے خیال میں پی ٹی آئی والوں نے بھی اسی طریقے سے یہ شروع کیا ہے لیکن جو فنڈ کی زیادتی ہے، وہاں پچھلی حکومت میں کم از کم اتنی زیادتیاں نہیں ہوا کرتی تھیں جیسے آپ لوگ کر رہے ہیں کہ دو کروڑ اور سات کروڑ، اتنی بے انصافی کم از کم پچھلی حکومت میں ہم نے نہیں دیکھی تھی۔ تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ اگر آپ لوگوں نے آئندہ بھی ان کرسیوں پر بیٹھنا ہے تو کم از کم یہ انصاف کی تقسیم کرو، یہی میری بعض لوگوں، اپوزیشن والوں سے میں معذرت کرتا ہوں لیکن یہ میری اپنی سوچ اور میری اپنی آواز تھی اور یہ میں نے حقیقت آپ کے سامنے بیان کی ہے اور ایک چیز میں شاہ فرمان سے اور پی ٹی آئی کے سب دوستوں سے، جیسے پچھلے دور میں ایک دن مقرر تھا، جمعرات کا دن جو چیف منسٹر کیلئے ایم پی ایز کا Day ہوتا تھا، اب اس حکومت نے وہ جمعرات کا دن ختم کر دیا ہے تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی سر As a Speaker کہ وہ جمعرات ایم پی ایز کے Day کیلئے مختص کیا جائے کیونکہ لکی سے ہم جب آتے ہیں تو کم از کم یہاں پر آنے میں تو ہمیں یہ آسانی ہو گی کہ آج جمعرات ہے اور چیف منسٹر سے ہم نے ملاقات کرنی ہے، اپنے مسائل بیان کرنے ہیں لیکن وہ ملاقات میرے خیال میں پتہ نہیں کہ کن وجوہ کی بناء پر ختم کر دی گئی؟ آخر میں میری یہی ریکویسٹ ہے کہ اس جمعرات کے 'ایم پی ایز ڈے' کو دوبارہ بحال کیا جائے اور میں اپنی باقی جو تقریر میری ہے، وہ میں مولانا عصمت اللہ کو دیتا ہوں، وہ اپنی تقریر جاری رکھیں۔ تھینک یو۔

(اس مرحلہ پر بہت سے اراکین کھڑے ہو گئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں تو حیران ہوں کہ کس کو ٹائم دوں؟

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹائم چونکہ پورا ہے، ٹائم ختم ہے، میں یہ Sitting adjourn کرتا ہوں Till Thursday afternoon, (dated) 27-02-2014 and the agenda issued for tomorrow will be taken on Thursday اور اسی امن و امان پر بھی بات کریں گے ان شاء اللہ۔

(شور)

جناب سپیکر: سوری، لوکل گورنمنٹ فنڈ کی تقسیم، Thursday تک Adjourned ہے۔

---

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 27 فروری 2014ء بعداز دوپہر تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

## ضمیمہ

1074 _ جناب بخت بیدار: کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ چکدرہ دیر لوئر میں ٹی ایم اے نے گزشتہ سال ٹرانسپورٹ اڈہ ٹھیکہ پر دیا تھا؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ٹی ایم اے چکدرہ دیر لوئر نے امسال بھی مذکورہ اڈہ ٹھیکہ پر دیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ سال اور امسال کا ٹھیکہ کس کس ٹھیکیدار کو کتنی کتنی رقم پر دیا گیا اور رقم کہاں کہاں اور کس کس منصوبے پر خرچ کی گئی، نیز ترقیاتی منصوبوں کیلئے کتنی رقم باقی ہے، نان ڈیویلپمنٹ کیلئے کتنی رقم ہے، ائر وائز تفصیل فراہم کی جائے؟